

AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء

ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 منگل 18 رجب المرجب 1445ھ 30 جنوری 2024ء 17 ماگھ 2079ب شمارہ نمبر 233

اشرافیہ کی سبسڈی ختم کریں گے، بلاول

حکومت ملی تو وفاق کی 17 وزارتیں بھی ختم کردیں گے، ہم جن مشکل معاشی حالات سے گزر رہے وہ سب کے سامنے ہیں، ہمیں ترقیاتی کاموں پر رقم خرچ کرنی پڑے گی، ہمارا یہ ارادہ ہے کہ ہم پاکستان کے ترقیاتی ڈھانچے کی تعمیر نو کریں

موسمیاتی تبدیلی کے باعث پاکستان خطرے میں ہے' مسئلے کے بارے میں پاکستانیوں کو سمجھانا ضروری' کچھ ایسی طاقتور لابیز ہیں جو معاشرے اور حکومت پر اثر انداز ہوتے ہیں' چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث پاکستان خطرے میں ہے، حکومت ملی تو وفاق کی 17 وزارتیں بھی ختم کردیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی معاشی معاہدے (بقیہ 5 نمبر 30)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سپریم کورٹ، طاہر صادق کی اہلیہ کو الیکشن لڑنے کی اجازت مل گئی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے طاہر صادق کی اہلیہ کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کے خلاف اپیل منظور (بقیہ نمبر 36)

بائیڈن کی انتخابی مہم مسلمان اور عرب معاونین کی عدم شرکت

مقامی رہنماؤں نے بائیڈن کی انتخابی مہم کے منیجر سے ملاقات کی دعوت بھی مسترد کردی

تل ابیب (این این آئی) بہت سے عرب امریکی اور مسلم ووٹروں نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ بائیڈن کے دوبارہ انتخاب کی کوششوں کی حمایت نہیں کریں گے کیونکہ وہ تل ابیب کے لیے ان کی مستقل حمایت اور محصور غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں کی ہلاکتوں کی تعداد 26 ہزار سے (بقیہ نمبر 37)

میرے کیس پر مانیٹر بن کر بیٹھا جج استعفیٰ دیکر چلا گیا پتہ تھا چور کی داڑھی میں تنکا ہے، نواز شریف

چھٹی نہ کرائی جاتی تو آپ بیروزگار نہ ہوتے، ہر گھرانہ خوشحال ہوتا، ہم بہت پیچھے رہ گئے ہیں' بہت زخم کھائے ہیں، ان ساتھیوں کی وساطت سے ملک اور قوم کو پاؤں پر کھڑا کریں گے' سابق وزیراعظم' قائدن لیگ کا خطاب

ہماری حکومت رہتی تو جنوبی پنجاب کی تقدیر بدل چکی ہوتی، چار سال میں جنوبی پنجاب کو گل گلزار بنا دینا چاہئے تھا، سیلاب میں جو کام کیا اس سے موازنہ کرلیں، فیصلہ آج ہی ہو جائیگا، صدر ن لیگ شہباز شریف کا جلسہ سے خطاب

لاہور راجن پور (این این آئی) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے کہا ہے کہ نواز شریف بے قصور تھا، وہ جج بھی چلا گیا جسے 8 ماہ بعد چیف جسٹس بننا تھا، جج استعفیٰ دے کر چلا گیا کیوں کہ پتہ تھا چور کی داڑھی میں تنکا ہے۔ لاہور میں اپنی انتخابی حلقے این اے 130 میں کارکنوں سے خطاب میں نواز شریف کا کہنا تھا کہ اس محبت کا کیسے جواب دوں؟ آج بہت سوچ رہا ہوں آپ مجھ سے اتنی محبت کیوں کرتے ہیں، یہ ایسا رشتہ ہے جس پر مجھے ناز اور فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت خوشی ہے بھائی بہنوں کی خدمت کی ہے، اس خدمت کے صلے میں آنکھوں میں محبت دیکھ رہا ہوں، خدمت نہ کی ہوتی تو آپ ایسی خوشی کا اظہار نہ کرتے، دل چاہتا ہے آپ کیلئے وہ کچھ کروں جس کی توقع آپ مجھ سے کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج میں سرخرو ہوں، آپ جانتے ہیں (بقیہ نمبر 30)

لاہور، ن لیگ کے قائد نواز شریف انتخابی دفتر کے افتتاح کے موقع پر جلسے سے خطاب کررہے ہیں

ایل پی جی کی قیمت میں 20 روپے فی کلو کمی

آئندہ 48 گھنٹوں میں قیمت میں مزید کمی ہوسکتی ہے' عرفان کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاک ایران تعلقات میں بہتری بہتری اور عالمی منڈی میں قیمت میں کمی کے خوف سے اوپن مارکیٹ میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت میں 20 روپے کی کر دی گئی۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر کے مطابق ایل پی جی کی قیمت 300 روپے سے کم ہوکر 280 روپے فی کلو پر آ گئی جبکہ قیمت میں مزید کمی کا امکان بھی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایل پی (بقیہ نمبر 31)

ڈپٹی سپیکر رولنگ کیس اسد قیصر اور قاسم سوری کی نظرثانی درخواستیں خارج

غلط فہمی پیدا کی گئی کہ عدلیہ پارلیمانی امور میں مداخلت نہیں کرسکتی، جہاں آئینی خلاف ورزی ہو وہاں سپریم کورٹ معاملہ دیکھ سکتی ہے' جسٹس جمال مندوخیل

ہم نظرثانی درخواست سن رہے ہیں، یہ نکتہ کسی آزادانہ کیس میں اٹھائیں، تسلی رکھیں ڈپٹی سپیکر رولنگ فیصلہ سپیکر یا ڈپٹی سپیکر کی ذات کے خلاف نہیں' جسٹس منیب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ڈپٹی سپیکر کی رولنگ سے متعلق کیس کے فیصلے میں سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی سپیکر قاسم سوری کی نظر ثانی کی درخواستیں خارج کر دیں۔ پیر کو ڈپٹی سپیکر کی رولنگ سے متعلق عدالتی فیصلے پر نظر ثانی کیس کی سماعت کے دوران جسٹس منصور علی (بقیہ نمبر 30)

سپریم کورٹ، اختر مینگل کو عام انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت مل گئی

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ بی این پی اختر مینگل کو عام انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت مل گئی۔ سپریم کورٹ میں (بقیہ نمبر 34)

مصطفیٰ کمال کھلے عام دھمکیاں دے رہے ہیں، سعید غنی

مصطفیٰ کمال کھلے عام لڑنے جھگڑنے کا کہہ رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ فائرنگ کے واقعہ میں ہمارے امیدوار سمیت 3 افراد زخمی ہوئے، مصطفیٰ کمال کھلے عام دھمکیاں دے رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی صورتحال (بقیہ نمبر 33)

فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل، انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنیوالا بینچ ٹوٹ گیا

جسٹس امین الدین خان، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت بینچ کا حصہ تھے

بینچ کی دوبارہ تشکیل کیلئے معاملہ ججز کمیٹی کو بھیجا جائے، وکیل جواد ایس خواجہ' اعتراض اٹھایا جارہا ہے کہ میں کیس سے الگ ہوجاؤں، جسٹس طارق مسعود

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا۔ فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں 6 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ جسٹس امین الدین خان، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت بھی بینچ کا حصہ تھے۔ جواد ایس خواجہ کے وکیل نے بینچ پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ بینچ کی دوبارہ تشکیل کیلئے معاملہ ججز کمیٹی کو بھیجا جائے۔ لاہور بار کے وکیل حامد خان نے کیس میں دلائل دینے کی کوشش کی تو جسٹس سردار طارق مسعود نے انہیں ٹوکتے ہوئے کہا کہ اگر ہم نے کیس سننا ہی نہیں تو دلائل نہ دیں (بقیہ نمبر 38)

ایران سے دیرینہ ثقافتی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات ہیں، جلیل عباس جیلانی

دونوں ممالک سیاسی' سکیورٹی مسائل حل کرنے میں سنجیدہ' دہشتگردی دونوں ممالک کیلئے خطرہ ہے، نگراں وزیرخارجہ۔

بارڈر پر موجود دہشت گرد دونوں ممالک کی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ نے ملاقات، مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے اجتماعی نقطہ نظر کی بنیاد پر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا ہے کہ ایران اور پاکستان دوست ہمسایہ ملک ہیں، ایران سے دیرینہ ثقافتی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات ہیں، مضبوط تعلقات دونوں ممالک کی ترقی کے لیے اہم ہیں۔ پیر کو نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی اور ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کے درمیان پیر کو یہاں وزارت خارجہ میں ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مثبت انداز میں آگے بڑھانے کے لئے مضبوط مکالمے اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر دونوں فریقوں نے امن اور خوشحالی کے مطلوبہ مقاصد (بقیہ نمبر 39)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب اعجاز انور چوہان ملاقات کررہے ہیں

مرتضیٰ سولنگی کی چیئرمین پیمرا سے ان کے بڑے بھائی کے انتقال پر تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی (بقیہ نمبر 40)

متعدد حلقوں کیلئے بیلٹ پیپرز کی دوبارہ چھپائی شروع

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے فیصلوں کی روشنی میں متعدد حلقوں (بقیہ نمبر 41)

پنجاب پولیس پیپلز پارٹی کو نشانہ بنارہی ہے، سینیٹر شیری رحمٰن

این اے 127 لاہور میں پیپلز پارٹی کے نمائندوں کی گرفتاری قابل مذمت ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر اور سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس پیپلز پارٹی کو نشانہ بنارہی ہے۔ ایک بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ این اے 127 لاہور میں پیپلز پارٹی کے نمائندوں کی گرفتاری قابل مذمت ہے، اس حلقے سے بلاول بھٹو (بقیہ نمبر 42)

مصطفیٰ کمال نے ڈاکٹر عاصم کو متحدہ کارکن کے قتل کا ذمہ دار قرار دیدیا

سندھ پر پیپلز پارٹی پہلے ہی قبضہ کرچکی ہے، پیپلز پارٹی اندر سے پاکستان کو ختم کررہی ہے، رہنما ایم کیو ایم

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر ڈپٹی کنوینر مصطفیٰ کمال نے ڈاکٹر عاصم کو ایم کیو ایم کے کارکن کے قتل کا ذمہ دار قرار دیدیا۔ مصطفیٰ کمال نے میڈیا سے (بقیہ نمبر 43)

ہم اسٹیبلشمنٹ سے بہتر تعلقات کے خواہاں ہیں، بیرسٹر گوہر خان

سیاسی اصلاحات ضروری' ٹروتھ کمیشن بننا چاہیے، تمام ادارے آئین کے تابع ہونے چاہئیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ہم اسٹیبلشمنٹ سے بہتر تعلقات کے خواہاں ہیں، ملک کی ایک بڑی جماعت اور اسٹیبلشمنٹ میں خلیج بدقسمتی ہے (بقیہ نمبر 44)

لاہور، مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز جلسے سے خطاب کررہی ہیں

مانیٹری پالیسی کا اعلان' شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ

مارچ میں شرح سود کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا، رواں مالی سال مہنگائی 23 سے 25 فیصد رہے گی جبکہ جی ڈی پی کی شرح 2 سے 3 فیصد رہے گی

آئندہ مہینوں میں مہنگائی میں کمی کی سخت شرح سود پالیسی کے سبب ہوگی، عالمی منڈی میں تیل، اجناس کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے' گورنر سٹیٹ بینک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سٹیٹ بینک نے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا جس میں شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ گورنر سٹیٹ بینک کی سربراہی میں مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں ملکی معاشی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور شرح سود میں ردوبدل نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کے بعد گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ زرمبادلہ ذخائر 8.3 ارب ڈالر ہوگئے، ایکسٹرنل اکاؤنٹ کی صورتحال بہتر ہوئی (بقیہ نمبر 61)

سپریم کورٹ نے حکومت کو صحافیوں کیخلاف کسی بھی قسم کی کارروائی سے روک دیا

تنقید کرنا ہر شہری اور صحافی کا' معاملہ صرف تنقید تک ہے تو کسی کیخلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے' ڈی جی ایف آئی اے کو صحافیوں سے ملاقات کی ہدایت

سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے وفاقی حکومت صحافیوں پر تشدد کے خلاف رپورٹ 2 ہفتے میں فراہم کرے، حکم نامہ' ازخود نوٹس کی سماعت آج تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے خلاف از خود نوٹس پر سماعت کا حکم نامہ لکھوا دیا۔ حکم نامے میں عدالت عظمیٰ نے کہا ہے کہ بتایا جائے کہ مقدمات میں اب تک کیا پیش رفت ہوئی ہے؟ سپریم کورٹ نے حکم نامے میں کہا کہ صحافیوں کو ایف آئی اے کی جانب سے جاری نوٹسز سے آگاہ کیا گیا، بتایا گیا کہ نوٹسز عدالت کو تنقید کا نشانہ بنانے پر جاری کیے گئے ہیں۔ حکم نامے کے مطابق تنقید کرنا ہر شہری اور صحافی کا حق ہے، (بقیہ نمبر 45)

پاکستان میں تیزی سے آبادی میں اضافہ سنگین مسئلہ ہے، ندیم جان

ملک میں آبادی کے انتظام میں سٹیک ہولڈرز کو اپنا اہم کردار ادا کرنا چاہئے' وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وفاقی وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ پاکستان میں 2.5 فیصد سالانہ کی طرح تیزی سے (بقیہ نمبر 46)

لاہور، استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان اپنے انتخابی حلقہ سے خطاب کررہے ہیں

سابق ڈی جی نیب کیخلاف ہتک عزت کا فوجداری کیس قابل سماعت قرار

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے طیبہ گل کی (بقیہ نمبر 47)

پیپلز پارٹی کا بلاول کی حمایت کرنیوالوں کی گرفتاریوں کیخلاف چیف الیکشن کمشنر کو خط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے انچارج سینٹرل الیکشن سیل اور (بقیہ نمبر 48)

الیکشن 2024، شکایات کیلئے واٹس ایپ ہیلپ لائن متعارف

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے عام انتخابات کے سلسلے میں پولنگ (بقیہ نمبر 49)

تاندلیانوالا، استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما ہمایوں اختر کارنر میٹنگ سے خطاب کررہے ہیں

وفاقی وزراء اور سرکاری افسران کے غیرملکی دورے منسوخ

الیکشن اور حکومت کی تشکیل تک کابینہ ارکان، سرکاری افسران' حکام نجی غیرملکی دورہ بھی نہیں کرسکتے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے وفاقی وزراء اور سرکاری افسران کے غیرملکی دورے منسوخ کردیئے۔ ذرائع کے مطابق نگران وزیراعظم نے وفاقی وزرا اور سرکاری افسران (بقیہ نمبر 58)

پنجاب میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر جرمانے و نوٹسز

رانا قاسم نون، عبدالقادر گیلانی، شاہد محمود خان اور علی موسیٰ گیلانی سمیت 12 امیدواروں کو نوٹسز جاری

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب کے مختلف اضلاع میں انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر جرمانے اور نوٹسز جاری کردیئے۔ ترجمان صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کے مطابق این اے 142 ساہیوال میں امیدوار عثمان علی کو ترقیاتی منصوبے کا افتتاح کرنے (بقیہ نمبر 60)

تاحیات نااہلی کی مدت 5 سال کرنے کیخلاف درخواست چیف جسٹس کو ارسال

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پارلیمنٹ میں تاحیات نااہلی کی مدت کو 5 سال کرنے

ن لیگ آفس جلانے کا کیس، صنم جاوید کی ضمانت منظور' ایک اور مقدمہ میں گرفتار

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے مسلم لیگ (ن) آفس جلانے کے کیس میں صنم جاوید اور محمد تنویر کی (بقیہ نمبر 59)

خاور مانیکا اور بشریٰ بی بی کی طلاق کی دستاویزات کا ریکارڈ لینے کی اپیل خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خاور مانیکا اور بشریٰ بی بی کی طلاق کی دستاویزات کا ریکارڈ لینے کی اپیل خارج کردی۔ لاہور (بقیہ نمبر 56)

لاہور، بزرگ مزدور روزگار کی تلاش میں اڈے پر بیٹھے ہوئے ہیں

کراچی' ہنگامہ آرائی پر پی ٹی آئی کے 5 ہزار کارکنوں کیخلاف مقدمہ درج' 15 گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کلفٹن میں تین تلوار پر فائرنگ اور ہنگامہ آرائی کے الزام میں پی ٹی آئی کے 5 ہزار کارکنوں کے خلاف انسداد دہشت گردی اور دیگر (بقیہ نمبر 54)

انتخابی نشان واپس لینے کے قانون کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

الیکشن کمیشن کا کسی جماعت سے انتخابی نشان واپس لینے کا اختیار آئین کے منافی ہے' درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سیاسی جماعتوں سے انتخابی نشان واپس لینے کے قانون کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی جانب سے دار درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں (بقیہ نمبر 55)

مقبولیت وہی سے شروع ہوتی ہے
جہاں نواز شریف قدم رکھتا ہے

لاہور، ن لیگ کے قائد نواز شریف کے جلسے کے دوران کارکن نے پلے کارڈ اٹھا رکھا ہے

وزیراعظم کے ترقیاتی بجٹ پر 53 ارب روپے کا کٹ لگانے کی تیاری

زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی، لیپ ٹاپ سکیم، چھوٹے قرضوں کیلئے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت قرضے فراہم کئے جانے تھے

یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹ، انڈومنٹ فنڈ برائے ایجوکیشن، آئی ٹی سٹارٹ اپ اور وینچر کیپیٹل پروگرام کیلئے بھی رقم مختص کی گئی تھی' ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے ترقیاتی بجٹ پر 53 ارب روپے کا کٹ لگانے کی تیاری کر لی گئی۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ اقدامات کے تحت وزیراعظم کے ترقیاتی بجٹ کیلئے فنڈ زروکنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ تجاویز منظوری کیلئے قومی اقتصادی کونسل میں پیش کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق جولائی سے دسمبر 2023 تک وزیراعظم اقدامات کے تحت تقریباً 2 ارب جاری کئے گئے اور وزیراعظم اقدامات کے تحت (بقیہ نمبر 50)

لاہور، نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب' نمونیا سے اموات کا سلسلہ جاری، مزید 3 بچے جاں بحق

نمونیا نے سات روز کے دوران 79 بچوں کی زندگی نگل لی، مزید 801 مریض رپورٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں نمونیا سے اموات کا سلسلہ جاری ہے، (بقیہ نمبر 57)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ملنے والے پیسے لینے کے حوالے سے گفتگو کررہے ہیں

پولیس کو حلیم عادل شیخ کو مزید مقدمات میں گرفتار کرنے سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے پولیس کو پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کو مزید مقدمات میں گرفتار کرنے سے (بقیہ نمبر 53)

خوش آئند قدم' عدالت کو اظہار رائے کی آزادی کا علم ہے، بابر اعوان

ابھی تک بھٹو کا مقدمہ نظام انصاف پر داغ ہے، رہنما پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ یہ ایک خوش آئند قدم ہے کہ عدالت کو اظہار رائے کی آزادی کا علم ہے، پی ٹی اے نے پاکستان تحریک انصاف کی (بقیہ نمبر 52)

نواز شریف الیکشن لڑیں گے مگر وزیراعظم کے امیدوار نہیں ہونگے، منظور وسان

الیکشن میں زیادہ تر آزاد امیدوار کامیاب ہوں گے' بلوچستان سے پیپلز پارٹی اکثریت میں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ نواز شریف الیکشن لڑیں گے مگر وزیر اعظم کے امیدوار نہیں ہوں گے۔ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما (بقیہ نمبر 51)

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

ایڈیٹوریل

سابق وزیراعظم نوازشریف کا جلسہ عام سے خطاب

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیراعظم نوازشریف نے ملک کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ہماری حکومت ختم نہ کی جاتی تو آج کوئی بے روزگار نہ ہوتا، اپنے ساتھ ظلم ہونے والے کو برداشت کرجاؤنگا عوام کے ساتھ ہونے والے ظلم کو برداشت نہیں کرسکتے، حکومت میں آئے تو نوجوانوں کو پاؤں پر کھڑا کریں گے، سیالکوٹ سے مجھے بہت پیار ہے، موٹروے ہم نے بنائی، اس کے افتتاح کا موقع نہیں مل سکا، یہ اس معیار کی موٹروے نہیں بنائی گئی جو میں چاہتا تھا، دوبارہ بنائیں گے، حکومت میں آئے تو لاہور سے سیالکوٹ ٹرین شروع کریں گے۔ اتوار کو یہاں جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم نوازشریف نے کہا کہ سب کو دل کی گہرائیوں سے سلام پیش کرتا ہوں، کیا محفل جمی ہوئی ہے، سیالکوٹ باوفا لوگوں کا شہر ہے، یہاں لوگ کے بہادر ہیں، سیالکوٹ کا نام پورے برصغیر میں گونجتا ہے، کیا پاکستان، کیا ہندوستان، سیالکوٹ ہر جگہ اپنی پہچان رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے بڑا باوفا میرے ساتھ کھڑا ہے جس کا نام خواجہ محمد آصف ہے، یہ 34 سال کا تعلق نہیں ہے یہ پچھلے 55 سال کا تعلق ہے، یہ میرے ساتھ کالج میں تھے، لاہور کے کالج میں میرے ساتھ چار سال پڑھے اور اکٹھے گریجویشن کیا ہے، مجھے خواجہ آصف اور ان کے والد محترم پر فخر ہے، جنہوں نے میری سیاسی ٹریننگ کی اور مجھے بہت پیار کرتے تھے، آج بھی وہ وقت یاد ہے اور مہینے میں ایک بار خواجہ آصف کے والد ضرور بلاتے تھے اور ملتے تھے، شفقت سے پیش آتے تھے، بہترین سیاستدان تھے۔ انہوں نے کہا کہ رانا شمیم بھی 1985 سے پہلے کا ساتھی ہے آج تک کبھی اس میں لرزش نہیں آئی ہے اور ان پر مجھے اپنی دوستی پر فخر ہے اور بھی میرے بہترین ساتھی ہیں۔ علی زاہد صاحب بھی اپنے والد محترم کے زمانے سے ہمارے ساتھی ہیں اور یہ باوفا ساتھی ہیں، نوشین افتخار کے والد نے زندگی بھر اپنا ساتھ نبھایا اور کبھی لرزش نہیں آئی ہے، طارق سبحانی، فیصل اکرم، رانا لیاقت بھی میرے ساتھی ہیں، رانا لیاقت کو پچھلے الیکشن میں ٹکٹ نہیں ملا جس پر مجھے افسوس ہے، آزاد الیکشن جیت کر دوبارہ مسلم لیگ (ن) میں شامل ہوا اور اڈیالہ جیل میں میرے پاس آئے اور دوبارہ پارٹی میں شمولیت اختیار کی جس پر مجھے بڑی شرم آئی۔ انہوں نے کہا کہ میں کس کس کا نام لوں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز خواجہ آصف سے بات کی کہ ہم نے کتنے بجے آنا ہے تو انہوں نے بتایا کہ دو اور ڈھائی بجے کے درمیان آجائیں، ہمارے پاس ہائی کاپٹر،، جہاز یا موٹروے کے ذریعے آنے کے تین آپشن تھے، چاہے جہاز سے آئیں، سڑک سے آئیں یا ہیلی کاپٹر سے آئیں تو وقت اتنا ہی لگے گا جب ٹرین سیالکوٹ آئیگی تو بھی اتنا وقت لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ وفادار لوگوں کا شہر ہے، جب باہر سے آیا ہوں تو میں نے کہا سیالکوٹ آنا ہے اور کہا کہ میں سیالکوٹ کو بڑا مس کرتا ہوں، سیالکوٹ سے مجھے بہت پیار اور عشق ہے، میں آپ کے گھر اچھے کارکنوں سے بات کرونگا، انہوں نے کہا کہ اس دن میں پہلی بار موٹروے پر سیالکوٹ آیا، وہ موٹر اس معیار کی نہیں ہے جس معیار کی موٹروے نوازشریف بنانا چاہتا تھا، اس کی کوالٹی بہت اچھی ہونی چاہیے، میں موٹروے پر آکر مطمئن نہیں ہوا، ہم اس موٹروے کو دوبارہ بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم لاہور سے سیالکوٹ تک بہترین ٹرین چلائیں گے، سیالکوٹ کو ہر آپشن دینگے کہ اپنی انڈسٹری کو بڑھائیں اور پیداوار بڑھائیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان بچے اور بچیاں بہت پیاری ہیں، ہم نے قسم کھائی ہے ہم نے سب کچھ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کون کہتا ہے یوتھ مسلم لیگ (ن) کے ساتھ نہیں۔ اس موقع پر نوازشریف نے 30 سال سے کم عمر کے لوگوں سے ہاتھ کھڑے کرائے اور کہا کہ یہ تو سارا جلسہ ہی 30 سال سے کم لوگوں کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو قرض دینگے، اپنا خود کاروبار بنائیں، خود لوگوں کو روزگار دیں، انشاء اللہ آپ کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے آئی ٹی، لیپ ٹاپ، ٹیکنالوجی کی بات کی ہے، سب کچھ ملے گا اور ہم نے پہلے بھی دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جو پروگرام شروع کئے تھے اگر ہماری حکومت ختم نہ ہوتی تو آج کوئی شخص ایسا نہ ہوتا جس کے پاس روزگار نہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ نوازشریف روٹی چار روپے کی چھوڑ کر گیا تھا، آج روٹی بیس اور پچیس روپے کی ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول کا ریٹ 65 روپے لیٹر تھا، آج کتنے کا ہے، کتنا ظلم ہوا ہے اس کا کون ذمہ دار ہے، پچاس روپے کلو والی چینی آج 150 روپے میں ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس وقت ایک ہزار روپے بل آتا تھا تو آج کتنا آتا ہے، بجلی مہنگی ہے اور گیس نہیں مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچے سکول نہیں جاسکتے کیونکہ فیسوں کے پیسے نہیں ہیں، کوئی بیمار ہو جائے تو دوائی کیلئے پیسے نہیں ہے، عوام کے ساتھ کتنا بڑا ظلم کیا گیا ہے؟

نونہالانِ وطن کی آبیاری کی جائے!

مہمان کالم

پاکستان کا شمار ایسے چند ممالک میں ہوتا ہے کہ جہاں خوراک، صحت اور تعلیم جیسے بنیادی شعبے بے بسی کی تصویر بنے ہوئے ہیں اور اس جانب کوئی توجہ ہی نہیں دیے رہا ہے، اگر صرف تعلیم ہی کی بات کی جائے تو چار سال قبل کے اعداد و شمار کے مطابق اسکول جانے سے محروم بچوں کی تعداد ڈیڑھ کروڑ کے لگ بھگ تھی، جبکہ اب اڈھائی کڑوڑ سے بھی تجاوز کرگئی ہے، یہ صورتحال وفاقی وصوبائی حکومتوں کے ساتھ بالخصوص اُن سیاسی جماعتوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے، جو کہ اقتدار میں آنے سے پہلے تعلیم عام کرنے کے نعرہ لگاتی ہیں، ملک بھر میں مفت صحت وتعلیم دینے کے دعوئے کرتی ہیں، بے روزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار دینے کے وعدے کرتی ہیں، مگر اقتدار میں آنے کے بعد کچھ بھی نہیں کرتی ہیں، سارے دعوئے سارے عدے دھرے کے دھرے ہی رہ جاتے ہیں۔

اگر دیکھا جائے تو دنیا کے تمام ہی ترقی یافتہ ممالک تعلیم کی اہمیت سے آشنا ہیں، سرکاری سکولوں میں مفت تعلیم لازمی ہے اور بچوں کو سکول لانے پر پابند کیا جاتا ہے، لیکن ہمارے ہاں اس طرف کوئی خاص توجہ ہی نہیں دی جارہی ہے، یہاں پر وعدے اور دعوے تو بڑے بڑے کیے جاتے ہیں، لیکن حقیقت بالکل ہی برعکس ہے، بجٹ میں تعلیم پر کچھ لگایا جارہا ہے نہ بچوں کو حصول تعلیم کیلئے سکول لایا جارہا ہے، وفاقی وزارت تعلیم کے ذیلی ادارے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن کی یونیسکو کے تعاون سے تیار کی گئی رپورٹ کے مطابق پنجاب میں ایک کروڑ 11 لاکھ، سندھ 76 لاکھ، خیبرپختونخوا 36 لاکھ، بلوچستان 31 لاکھ، جبکہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 80 ہزار بچے اسکول جانے سے محروم ہیں، لیکن یہاں کسی کو کوئی فکر لاحق ہے نہ ہی کسی کے کان پر کوئی جوں تک رینگ رہی ہے۔

دراصل ہر دور حکومت میں کسی کی ترجیحات میں تعلیم کا فروغ شامل ہی نہیں رہا ہے، یہاں ہر کوئی اپنے ہی مفاد کے تابع رہا ہے، اگر کہیں کوئی مفاد نظر آئے تو تھوڑا بہت کچھ کر دیا جاتا ہے، ورنہ سب کچھ ویسے ہی چلتا رہتا ہے، مسلم لیگ (ن) ادوار میں دانش سکول کا بڑا ہی چرچا ہوتا رہا ہے، جبکہ تحریک انصاف دور میں یکساں مفت نصاب تعلیم کے ساتھ بچوں کو سکول میں لانے کا بھی بڑے زور شور سے پرچار کیا جاتا رہا ہے، لیکن ان سب کے نتائج دو کروڑ 62 لاکھ سکول جانے سے محروم بچوں کی شکل میں سب کے سامنے ہے، یہ اعداد و شمار حکمرانوں کیلئے چشم کشا ہونے چاہئے، لیکن یہاں تو ہر ایک نے ہی اپنی آنکھیں بند کر کے بے حسی کی چادر اُوڑھ رکھی ہے۔ یہ اس بے حسی کا ہی منہ بولتا ثبوت ہے کہ تعلیم سمیت تیک نیکی نوعیت کے سارے ہی شعبے ایسے بیوروکریٹس کے سپرد کر دیے جاتے ہیں کہ جن کا مطمع نظر ہی محض اپنی مراعات رہا ہے، وہ کچھ عرصہ ایک محکمے کا بیڑا غرق کرتے ہیں تو پھر وہاں سے دوسرے کا بیڑا غرق کرنے چلے جاتے ہیں، اٹھارویں ترمیم کے بعد سے ہی وفاقی وزارت تعلیم اور وفاقی ایچ ای سی سب آئینی طور پر غیر قانونی اربوں روپے کھا رہے ہیں، جبکہ ان کی آؤٹ پٹ ٹکے کی بھی نہیں ہے، ایک عرصے سے ورلڈ بینک دہائی دے رہا ہے کہ وفاق تعلیم وصحت کے محکمے صوبوں کو منتقل کرے، مگر بیوروکریسی اور پالیسی سازوں کے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے، کیونکہ یہ سب ہی ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کھاپی رہے ہیں، انہیں کوئی روکنے ٹوکنے والا ہے نہ ہی کو پکڑ رہا ہے۔

اس بات سے کسی کو کوئی غرض ہے کہ بچے مستقبل کے معمار ہوتے ہیں نہ ہی اس بات کا کوئی افسوس ہے کہ یہ مستقبل کے معمار سکول سے دور رہتے ہوئے ہوٹلوں پر برتن دھونے، ورکشاپوں پر ہاتھ کالے کرنے اور اینٹوں کے بھٹوں پر بوجھ ڈھونے پر مجبور ہیں، ان بچوں کے سکولوں سے باہر ہونے میں معاشی تنگدستی کیساتھ حکومت کی ناقص تعلیمی حکمت عملی کا بھی بڑا عمل دخل رہا ہے، ایک ریسرچ کے مطابق تقریباً 60 فیصد سکول سے باہر بے وسیلہ بچے ملک کے ایسے دیہی علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں کہ جہاں پر سکولز سرے سے ہی نہیں ہیں اور اگر اکا دکا کہیں ہیں تو وہاں اساتذہ اور انفراسٹرکچر نہیں ہے، ملک بھر میں گھوسٹ سکولوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ اکثریت ایسے سکولوں کی ہے کہ جن کی عمارات پر وڈیرے قابض ہیں، یہ وڈیرے نہ صرف سکول، بلکہ دیگر گورنمنٹ کی عمارتوں کو اپنے ذاتی استعمال میں لا رہے ہیں، لیکن انہیں کوئی پوچھنے والا ہے نہ ہی کوئی روک ٹوک کر رہا ہے۔

اس ملک میں طاقتور جو چاہے کرر ہا ہے اور غریب کا بچہ صحت و تعلیم سے محروم ہے، بچوں کی تعلیم تربیت اور نگہداشت حکومت کے ساتھ ہم سب کی بھی قومی ذمہ داری ہے، اگر ہم حکومت کے ساتھ مل کر اِن بے وسیلہ اور بے یارو مددگار بچوں کو اپنا بچہ سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ شفقت اور محبت کے جذبے کے تحت ان کو زیور تعلیم سے آراستہ نہیں کرتے ہیں تو پھر یہ بچے معاشرے میں انتہا پسندی، دہشت گرد اور جرائم کا ٹائم بم بن کر پورے معاشرے کی تباہی کا سبب بنیں گے

، لہٰذا حکومت کے ساتھ پورے معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ اِن نونہالان وطن کی آبیاری کی جائے، ورنہ یہ پورے گلشن کی ہی تباہی وبربادی کا سبب بن جائیں گے۔

یہاں ہر کوئی اپنے ہی مفاد کے تابع رہا ہے، اگر کہیں کوئی مفاد نظر آئے تو تھوڑا بہت کچھ کر دیا جاتا ہے، ورنہ سب کچھ ویسے ہی چلتا رہتا ہے، مسلم لیگ (ن) ادوار میں دانش سکول کا بڑا ہی چرچا ہوتا رہا ہے، جبکہ تحریک انصاف دور میں یکساں مفت نصاب تعلیم کے ساتھ بچوں کو سکول میں لانے کا بھی بڑے زور شور سے پرچار کیا جاتا رہا ہے، لیکن ان سب کے نتائج دو کروڑ 62 لاکھ سکول جانے سے محروم بچوں کی شکل میں سب کے سامنے ہے، یہ اعداد و شمار حکمرانوں کیلئے چشم کشا ہونے چاہئے، لیکن یہاں تو ہر ایک نے ہی اپنی آنکھیں بند کر کے بے حسی کی چادر اُوڑھ رکھی ہے۔ یہ اس بے حسی کا ہی منہ بولتا ثبوت ہے کہ تعلیم سمیت تیک نیکی نوعیت کے سارے ہی شعبے ایسے بیوروکریٹس کے سپرد کر دیے جاتے ہیں کہ جن کا مطمع نظر ہی محض اپنی مراعات رہا ہے، وہ کچھ عرصہ ایک محکمے کا بیڑا غرق کر تے ہیں تو پھر وہاں سے دوسرے کا بیڑا غرق کرنے چلے جاتے ہیں، اٹھارویں ترمیم کے بعد سے ہی وفاقی وزارت تعلیم اور وفاقی ایچ ای سی سب آئینی طور پر غیر قانونی اربوں روپے کھا رہے ہیں، جبکہ ان کی آؤٹ پٹ ٹکے کی بھی نہیں ہے، ایک عرصے سے ورلڈ بینک دہائی دے رہا ہے کہ وفاق تعلیم وصحت کے محکمے صوبوں کو منتقل کرے، مگر بیوروکریسی اور پالیسی سازوں کے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے، کیونکہ یہ سب ہی ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کھاپی رہے ہیں، انہیں کوئی روکنے ٹوکنے والا ہے نہ ہی کو پکڑ رہا ہے۔

بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ۔ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ ۔ میاں محبوب عالم وغیرہ بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اشتہار اخبار بنام ۔ صوبہ پنجاب بذریعہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ، عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 02-02-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ AS

بعدالت جناب شیخ محمد تقی صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان کومل شہزادی بنام زین علی اشتہار بنام زین علی ولد محمد مالک ساکن گاؤں کلاسکے ڈاکخانہ خاص تحصیل وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 30-01-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یکطرفہ عمل میں آدے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب جج منصور احمد صاحب سول جج جڑانوالہ

عنوان:۔ افشاں افتخار بنام محمد عباس اشتہار اخبار بنام محمد عباس ولد مرزا نثار بیگ سکنہ چک نمبر 196 ر۔ب ملت روڈ مکان نمبر 123 لائل پور کالونی فیصل آباد۔ دعویٰ:۔ تنسیخ نکاح۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 31-01-2024 کو بوقت صبح 09:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج میرے بدستخط وثبت مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حق نواز ٹوٹو صاحب سول جج/جج گارڈین جج کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

دعویٰ بعنوان: ریحانہ صدیق بیوہ محمد یاسین قوم کھوکھر ساکن محلہ چڑھ کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس درخواست فروختگی جائیداد میں عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ عوام الناس میں کسی کو اعتراض ہوتو اصالتاً یا وکالتاً مورخہ 29-01-2024 کو عدالت حاضر ہوکر اپنا موقف پیش کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

اعلان لاتعلقی

میں اپنی حقیقی بیٹی مساۃ ثریا نابالغہ دختر ذوالفقار علی ساکن پرانی چونگی پکھر والی گلی نمبر 1 محلہ عثمان پارک گوجرانوالہ کو بوجہ نافرمانی گستاخانہ زبان استعمال کرنے اور بدکردار اور خاندان میں بدنامی کا سبب بننے کی وجہ سے عاق کرتی ہوں/لاتعلقی اختیار کرتی ہوں۔ آئندہ سے میرا اس کے ساتھ کسی قسم کا کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ اور نہ ہی ہوگا۔ اس سے جو کوئی بھی لین دین کرے گا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔ تمام ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر۔ فرزانہ زوجہ محمد رشید دختر محمد ساکن پرانی چونگی پکھر والی گلی نمبر 1 محلہ عثمان پارک گوجرانوالہ ۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع موضع جمال پہاڑ تحصیل کمالیہ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عطاء محمد ولد رحمت علی قوم ڈوگر وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں رحمت علی والد متوفی (پہلے فوت شد) مختاراں بی بی بیوہ متوفی (بعد فوت شد) محمد شریف، عبداللطیف، محمد حنیف پسران متوفی (زندگان) نسیم بیگم، شمیم اختر، شاہین دختران متوفی (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال عطاء محمد کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج وتصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 876

وراثت موضع بوڑیکی کے تحت سائل کا والد قمر دین ولد محمد یسین تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا مورخہ درج 05/11/2022 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں شاہین بی بی بیوہ محمد عرفان، محمد فرقان، محمد اویس، ابوبکر، محمد سفیان پسران عذرہ بی بی دختر بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہوتو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ۔ خرچہ نان ونفقہ۔ عنوان مقدمہ ۔ تاج بی بی بنام غلام محمد اشتہار اخبار بنام ۔ غلام محمد ولد احمد دین قوم کمبوہ ساکن چک کھر پڑ شریف تحصیل چونیاں ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی AS مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 31-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح صالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذار قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سید صائم شاہ صاحب سول جج فرسٹ کلاس پھالیہ

دعویٰ تنسیخ نکاح فرحت تنویر بنام محمد عارف ولد محمد حیات ساکن چک نمبر 88 تحصیل وضلع سرگودھا ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 07-02-2024 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب شوکت عباس رانجھا صاحب جج فیملی کورٹ پتوکی ضلع قصور.

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ عابدہ بی بی بنام آصف علی اخبار اشتہار بنام آصف علی ولد محمد اشرف قوم چوہان ساکن چک نمبر 39/3 تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا م تاریخ مورخہ 2024-02-03 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب میڈم حبیبہ یونس صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

مقدمہ نمبر 3021024

بابت 24-1-03 دعویٰ استقرار حق) عنوان: محمد انور ولد سراج دین ساکن پتوکلاں ڈاکخانہ قصور تحصیل وضلع قصور (مدعی) بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام۔ چیف ایگزیکٹو لیسکو 22-A کوئینز روڈ نزد گنگا رام ہسپتال لاہور xen لیسکو واپڈا سٹی ڈویژن قصور۔ RO لیسکو سٹی ڈویژن قصور۔ SDO لیسکو سب ڈویژن سول ایریا قصور (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 12-02-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر ADLR/566 گ ب جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ذوالفقار علی ولد اللہ بخش جو کہ چک نمبر 566 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہوچکا ہے۔ جس کے وارثان میں ہاجرہ بی بی والدہ، اللہ بخش والد، سکینہ بی بی زوجہ (پہلے فوت شدگان)۔ خورشید احمد، عبدالغفار، محمد جاوید، فیاض احمد پسران، زرینہ دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہوتو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب چیئرمین صاحب ثالثی/مصالحتی کونسل میونسپل کمیٹی الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور۔

عنوان جاری کیے جانے موثر سرٹیفکیٹ طلاق ثلاثہ۔ عبداللطیف ولد محمد ہاشم قوم آرائیں ساکن بھیڑ سوڈیاں تحصیل چونیاں ضلع قصور (فریق اول) اشتہار بنام مساۃ رخسانہ بی بی دختر محمد حنیف قوم آرائیں ساکن اقبال ٹاؤن الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور (فریق دوئم) ہرگاہ فریق دوئم کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق اول نے درخواست بابت موثر کیے جانے طلاق ثلاثہ زیر دستخطی کے روبرو گزاری ہے جس میں آپ کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا مگر آپ حاضر نہ آئے ہیں لہذا آپ بتقرر 06-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً روبرو زیر دستخطی حاضر آکر پیروی/اپنا موقف پیش کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لاتے ہوئے سرٹیفکیٹ موثری طلاق بحق فریق اول حسب ضابطہ جاری کر دیا جائے گا۔

بعدالت جناب ملک اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل جدید مرجوعہ 24/01/20 احمد علی ولد محمد علی قوم وٹو شیخو کا سکنہ موضع باریکا ہٹھاڑ تحصیل منچن آباد بنام محمد بشیر ولد محمد نواز قوم وٹو، محمد زرین ولد بشیر قوم وٹو، محمد احمد ولد فلک شیر قوم وٹو سکنائے موضع باریکا ہٹھاڑ تحصیل منچن آباد

عنوان:- اجراء تقسیم کھاتہ موضع باریکا ہٹھاڑ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہیکہ آپ مورخہ 24/02/02 پیش ہوکر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر آپ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں میں لائی جائے گی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

اطلاع عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مساۃ نجمہ پروین زوجہ تاج محمد ساکن چک نمبر 152 گ ب جھنڈیاں ٹوبہ ٹیک سنگھ جو کہ کھیوٹ نمبر 62 مربع نمبر 20 کیلہ نمبر 25 برقبہ 1 کنال تعمیر شدہ مکان واقع مین روڈ چک نمبر 152 گ ب تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ جو کہ مسمی خالد حسین ولد محمد ابراہیم ساکن چک نمبر 152 گ ب تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کو مبلغ/11000000 روپے (ایک کروڑ دس لاکھ روپے) نصف جن کے-/5500000 روپے (پچپن لاکھ روپے) ہوتے ہیں، میں فروخت کرنا چاہتی ہے۔ عوام الناس میں سے اگر کسی کو بھی کوئی اعتراض ہوتو وہ اندر 7 یوم رابطہ کر سکتے ہیں بعد میں کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: خالد حسین ولد محمد ابراہیم ساکن چک نمبر 152 گ ب تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-7071351

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 2538

وراثت موضع بیڑھ کے تحت سائل کا والد عبدالجبار ولد لال دین کا فوت ہونا مورخہ درج 2016/08/21 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں ممتاز بیگم بیوہ علی محمد، ذیشان احمد، رمیض پسران ماریہ کنول، سونیہ، عائشہ دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہوتو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ ۔ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ ۔ صوبیہ بی بی بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اشتہار اخبار بنام ۔ محمد اسلم ولد عمر حیات، منور ضیاء، تصور ضیاء، طارق ضیاء پسران محمد اسلم اقوام آرائیں، حق نواز ولد شاہ محمد، طالب حسین ولد وارث اقوام آرائیں ساکنان مرولہ شریف تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 30-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ AS

بعدالت جناب محترم مرزا محمد اعظم صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوجرانوالہ

اپیل دیوانی عنوان ۔ بلال حسین وغیرہ بنام ریاض حسین وغیرہ اشتہار بنام۔ صوبہ پنجاب بذریعہ ڈپٹی کمشنر/ڈسٹرکٹ کلکٹر گوجرانوالہ ۔ ADLR گوجرانوالہ۔ تحصیلدار سٹی گوجرانوالہ ۔ پٹواری حلقہ دھلے گوجرانوالہ ۔ شمسہ نذیر دختر نذیر حسین ساکن شاہین آباد نزد اقبال پارک گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو تاریخ مقررہ مورخہ 30-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد عمران صاحب سول جج درجہ اول بورے والا

عنوان سرفراز حسین نقوی بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ دعویٰ استقرار حق اخبار اشتہار سیکرٹری یونین کونسل نمبر 085 چک نمبر 223 ای بی، چک نمبر 215 بورے والا، چیرمین نادرا بذریعہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا تحصیل عارف والا ہرگاہ مندرجہ عنوان بالا مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا مشکل تھی لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2024-02-01 بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً پیش حاضر عدالت ہو عدم حاضری کی صورت کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLR صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:-انتقال وراثت متوفیہ بلقیس بی بی دختر فیض احمد (غیر شادی شدہ) قوم کلوکا راجپوت موضع جے سنگھ مدھانی والا تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفیہ کے وارثان 2 برادران حقیقی محمد شبیر، محمد ظاہر پسران فیض احمد زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائیگا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد عمران صاحب سول جج درجہ اول بورے والا

عنوان سرفراز حسین نقوی بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ دعویٰ استقرار حق اخبار اشتہار سیکرٹری یونین کونسل نمبر 085 چک نمبر 223 ای بی، چک نمبر 215 بورے والا، چیرمین نادرا بذریعہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا تحصیل عارف والا ہرگاہ مندرجہ عنوان بالا مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا مشکل تھی لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2024-02-01 بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً پیش حاضر عدالت ہو عدم حاضری کی صورت کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLRO/LRO صاحب تحصیل منچن آباد۔

عنوان: انتقال وراثت متوفیہ روبینہ شاہین (غیر شادی شدہ) دختر دیوان علی، موضع بدری نرائن پورہ تحصیل منچن آباد برائے منظوری پیش ہوا ہے، جس میں متوفیہ کے وارثان میں دو بھائی محمد جمیل، راؤ خلیل احمد اور دو بہنیں زبیدہ بی بی، نسیم بیگم برادران و ہمشیرگان متوفیہ زندہ حیات درج ہیں، ان کے علاوہ کوئی اور وارث نہ ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی اور وارث ہے تو وہ اندر سات یوم اپنا ثبوت پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ کے نام منظور کر دیا جائیگا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق عنوان ادیبہ بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اشتہار بنام 8 ملک طاہر ظہیر ولد غلام نبی ساکن چوبارہ حال مقیم نزد نعیم فیملی ہسپتال منڈی ٹھروہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 07-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آدے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب محترم عمران حفیظ صاحب تحصیلدار پتوکی 2 ضلع قصور۔

عنوان: تصدیق انتقال وراثت متوفیہ جیجاں بی بی فیلڈ ویری فیکیشن موضع چک نمبر 22 رکن پورہ تحصیل پتوکی ضلع قصور۔ جیجاں بی بی متوفیہ حال کا انتقال وراثت درج ہوکر پیش ہوا جس کے شرعی وارثان میں محمد امیر بعد میں فوت شدہ محمد خلیل زندہ محمد رفیق زندہ محمد شریف بعد میں فوت شدہ پسران متوفیہ امیراں بی بی بعد میں فوت شدہ شریفاں بی بی زندہ رمضانہ بی بی زندہ صغریٰ بی بی پہلے فوت شدہ حنیفاں بی بی زندہ مختیاراں بی بی زندہ دختران متوفیہ درج ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی اور وارث یا کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اندر سات یوم عدالت ہذا میں حاضر ہوکر بیان کرے بصورت دیگر انتقال مذکورہ بالا تصدیق کر دیا جائیگا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب امانت علی صاحب سول جج فرسٹ کلاس/گارڈین جج ملکوال

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: محمد عارف بنام عوام الناس اشتہار منجانب: محمد عارف ولد محمد صادق قوم ملک سکنہ چک نمبر 7 تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین، بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہوتو بتقرر 30-01-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نعمان مبشر صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق عنوان ۔ عمیر حسین سلیم وغیرہ بنام عوام الناس عمیر حسین سلیم ولد محمد حسین ۔ سالکہ سلیم ۔ صدیقہ مہوش ۔ مریم سلیم دختران عمیر حسین سلیم اقوام کھوکھر ساکنان ہاؤس نمبر 14 عسکری 1 گوجرانوالہ بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو تاریخ مقررہ مورخہ 02-02-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLR صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:-انتقال وراثت متوفی محمد شفیق ولد نظام دین (غیر شادی شدہ) قوم کھرل موضع اللہ بخش لالیکا تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے وارثان محمد صدیق، رقیہ بی بی برادر وہمشیرہ متوفی زندہ حیات، محمد رفیق، محمد عتیق، صفیہ بی بی برادران و ہمشیرہ متوفی (بعد از فوت شدگان متوفی) درج ہیں۔ لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ نمبر 1، گوجرانوالہ

بمقام پی ڈبلیو ڈی ریسٹ ہاؤس گوجرانوالہ سمن زیر دفعہ (5) 9 فنانشل انسٹی ٹیوشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس XLVI، آف 2001 مقدمہ نمبر 492-1/2023

HBL برانچ نارووال بنام شفاعت احمد سمن بنام شفاعت احمد ولد عبدالرزاق ساکن موضع لہلیاں ڈاکخانہ ندوکے تحصیل وضلع نارووال۔ ہرگاہ کہ مدعی مذکورہ عنوان بالا نے آپکے خلاف دعویٰ دلاپانے مبلغ/28,52,915۔ روپے معہ مارک اپ/سودخرچہ وغیرہ جواس نے بحیثیت مدعی یافتنی ہے دائر کیا ہے۔ لہذا آپکے نام اخبار اشتہار زیر دفعہ (5) 6 فنانشل انسٹی ٹیوشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس XLVI آف 2001ء سائع کیا جاتا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے (30) دن کے اندر آپ درخواست برائے اجازت دفاع مقدمہ بصورت جواب دعویٰ زیر دفعہ 10 آرڈیننس XLVI آف 2001ء مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کریں، مطلع رہیں کہ آپ نے اندر معیاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری متدعویہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائے گی۔ آئندہ تاریخ پیشی برائے مزید کاروائی 13-02-2024 مقرر ہے۔ بثبت ہمارے دستخط ومہر عدالت آج مورخہ 29-01-2024 جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب واصف بشیر کھوکھر ایڈیشنل کمشنر گجرات ڈویژن گجرات

اپیل محکمہ مال عنوان: محمد حسین متوفی وغیرہ بنام مختار احمد وغیرہ اشتہار بنام: مختار احمد ولد محمد رمضان، محمد بوٹا ولد دولا، محمد شریف ولد فضل داد، مح بشیر ولد محمد رمضان، امتیاز احمد ولد محمد خان، محمد رفیق، محمد نذیر پسران محمد رمضان، محمد شفیع ولد حسن محمد، نذیر احمد بیوہ اللہ دتہ، ساجدہ بی بی بیوہ، ناصر اقبال، یاسر اقبال، ظفر اقبال، شگفتہ بیگم، مظہر اقبال، انصر اقبال پسران اللہ دتہ، عذرا بی بی، شناز بیگم، رخسانہ کوثر، شکیلہ کوثر، شبانہ کوثر دختران اللہ دتہ، سردار بی بی دختر احمد، دولا ولد خورشید، فضل ولد خورشید، محمد سادق ولد حسن محمد، طارق جاوید ولد ارشد، نذر حسین ولد دیوان علی، فقیر حسین ولد قاسم شاہ، عنایت اللہ ولد محمد خان، سیف اللہ ولد محمد عارف، عنایت بی بی بیوہ غلام حسین، یاسین ولد غلام حسین، صفیہ بی بی، بشریٰ بی بی، کبریٰ بی بی، کوثر بی بی، عرفان، رضوان، ذیشان، عدنان پوتے غلام حسین، عاصمہ رانی، ارشہ بی بی، صغریٰ، نورین پوتیاں غلام حسین، احتشام علی، شعیب، حماد علی، شاذل علی پوتے غلام حسین، سلطان علی ولد علی داد، احمد خان ولد علی داد، رحمت خاں ولد شریف دین، حق نواز، آصف نواز، شہزادا اسلم، رضوان اسلم پسران، پروین اختر دختر اشفاق، خان محمد، علی رضا نواسے رحمت خاں، ساجدہ پروین، نادیہ پروین نواسیاں رحمت خاں، محمد اصغر ولد رحمت خاں، مہندی خاں ولد احمد خاں، انصر اقبال، محمد آصف پسران لال خاں ساکنائے موضع ٹھمکہ تحصیل وضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 30-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 741 گ ب تحصیل کمالیہ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سید بشیر حسین ولد سید نور شاہ قوم سید وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں سید نور شاہ والد متوفی (پہلے فوت شد)، مہراں بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد)۔ کلثوم بی بی بیوہ متوفی (زندہ)۔ کرن بتول ثمرین بی بی، شہیلہ بتول، رمشا بشیر دختران متوفی (زندگان) ظاہر کئے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال سید بشیر حسین کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج وتصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح۔ عنوان مقدمہ ۔ نادیہ بی بی بنام لیاقت علی اشتہار اخبار بنام ۔ لیاقت علی ولد رحمت علی قوم ملک ساکن نیا مزنگ گلی نمبر 5 لاہور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 04-02-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ AS

بعدالت جناب رانا رضوان یوسف صاحب سول جج درجہ اول تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ منسوخی دستاویز مبینہ چیک بک: بعنوان: اسرار حسین ولد قمر حسین بنام طاہر جاوید ولد محمد اکرام چوہدری ذات جٹ ساکن مکان نمبر 13/19 گلی نمبر 16 لیاقت آباد نمبر 2 جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں 31-01-2024 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہم تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ورنہ یکطرفہ کاروائی میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب شہزاد مشتاق صاحب فیملی جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ثمینہ بی بی بنام مقصود احمد۔ دعویٰ خرچہ نان ونفقہ، حق مہر، واپسی سامان جہیز وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام مقصود احمد ولد منظور حسین قوم کرتو آنہ سیال سکنہ چک نمبر 214 ج ب چک نمبر 171 ج ب تحصیل وضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتاہے کہ بتقرر 31.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب امتیاز احمد نور سینئر سول جج فیملی کورٹ ساہیوال.

دعویٰ تنسیخ نکاح اقراء بی بی بنام۔ طارق سلیم ولد عالم شیر سکنا چک جیون شاہ تحصیل وضلع ساہیوال ر ہرگاہ آپکو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقدمہ عنوان بالہ میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 30-1-2024 کو بوقت صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں و دیگر صورت آپکے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب رائے محمد یسین صاحب تحصیلدار پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔عنوان۔ عامر ندیم بنام سکینہ بی بی وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 17 کھتونی نمبر 207 سالم کھاتہ 17M-63K واقع چک نمبر 771 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ اخبار اشتہار بنام ۔ سکینہ بی بی بیوہ محمد عظیم، محمد نواز ولد عظیم، محمد آصف ولد اعظم، ساجد پرویز ولد عظیم، محمد اعظم ولد قاسم، محمد آصف ولد اعظم اقوام سیال سرگانہ ساکنان چک نمبر 771 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہیکہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 30/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی.

بعدالت جناب ملک اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل جدید مرجوعہ 24/01/20 محمد حسین وغیرہ بنام محمد افضل، کوثر پروین، زینب بی بی، زلیخاں بی بی، عذرا بی بی، رضیہ بی بی، ساجدہ بی بی پسر و دختران محمد عادل، ولد محمد نواز قوم وٹو، انوری بی بی بیوہ محمد عادل اقوام وٹو سکنائے موضع باریکا ہٹھاڑ تحصیل منچن آباد عنوان:- اجراء تقسیم کھاتہ موضع باریکا ہٹھاڑ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہیکہ آپ مورخہ 24/02/02 پیش ہوکر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر آپ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں میں لائی جائے گی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر ADLR/563 گ ب جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ صلابت بی بی زوجہ ولی محمد جو کہ چک نمبر 563 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ جس کے وارثان میں روشنائی بی بی والدہ، روشن دین والد (پہلے فوت شدگان)۔ ولی محمد خاوند، اللہ بخش، عبدالمالک پسران (بعد میں فوت شد) وارث علی، مکانی، زبیدہ بی بی، خدیجہ بی بی دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہوتو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ پونم عدنان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ عنوان۔ ام کلثوم وغیرہ بنام محمد عمران اشتہار بنام۔ محمد عمران ولد خوشی محمد قوم مغل ساکن جناح روڈ کچا فتومنڈا امیر پارک گلی نمبر 8 گوجرانوالہ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 31-01-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ جات 1

پولیس کی شناخت کو بھی بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، اسلام آباد کے ہسپتالوں کو مثالی بنانے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، اسلام آباد کے عوام کو وہ سہولیات اور آسانیاں فراہم کریں گے جس کے وہ مستحق ہیں۔ وہ پیر کو تھانہ گولڑہ کی عمارت کی نئی عمارت کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ آئی جی اسلام آباد پولیس ڈاکٹر اکبر ناصر خان، ڈی آئی جی، ایس ایس پیز سمیت دیگر اعلی پولیس افسران، انجمن تاجران کے نمائندوں ور معززین علاقہ بھی اس تقریب میں موجود تھے

بقیہ جات 2

دیگر ممالک کی سستی مصنوعات کا مقابلہ کرنے کی پوزیشن میں آسکیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک ہماری ملکی برآمدات میں خاطرخواہ اضافہ نہیں ہوگا اس وقت تک اقتصادی ترقی اور معاشی استحکام سے ہمکنار ہونا ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بین الاقوامی حالات پاکستانی کی برآمدات کو فروغ دینے اور زیادہ سے زیادہ مصنوعات کی برآمد کیلئے سازگار ہیں لیکن چونکہ ہماری مصنوعات کی پیداواری لاگت زیادہ ہے اسلئے ہمارے ایکسپورٹرز کو عالمی منڈیوں میں مسابقتی و مقابلتی مشکلات کا سامنا ہے کیونکہ جب انٹرنیشنل امپورٹرز کو دیگر ممالک کی سستی مصنوعات دستیاب ہوں گی تو وہ ہماری مہنگی مصنوعات کیوں خریدیں گے اور جب ہماری مصنوعات کی پیداواری لاگت زیادہ ہے تو ہم اپنی اشیا سستی کیسے بیچ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے فوری ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جن سے جہاں ہماری ایکسپورٹ مصنوعات کی پیداواری لاگت کم ہو وہیں فوری برآمدات بڑھانا بھی یقینی ہوسکے۔

بقیہ جات 3

میں پہنچ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جاری انتخابی مہم میں سب سیاسی جماعتوں کو یکساں انتخابی مہم کے مواقع فراہم کیے جانے چاہیے کسی بھی ایک جماعت کے ساتھ امتیازی سلوک انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے، الیکشن کمیشن اپنی ذمہ داری کا احساس کرے اور تمام سیاسی جماعتوں کو عوام سے یکساں ووٹ مانگنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ جات 4

والوں میں ایمرجنسی کنٹرول سینٹر، ڈسپیچ کنٹرول سنٹرز کے افسران شامل تھے۔ الیکٹرانک ڈیٹا انالیسز سینٹر، ویڈیو کنٹرول سینٹر کے بہترین آفیسرز کو بھی اسناد دی گئی۔ ایس پی محمد شفیق نے کہا کہ انعامات حاصل کرنے والے افسران نے محنت کے ساتھ فرائض سرانجام دیئے، اسناد و انعامات کارکردگی کے نعم البدل نہیں، مقصد حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

بقیہ جات 5

کونسل 223 میں سوئی گل اور سید نعمان مقبول شاہ، یونین کونسل 224 میں میڈم خدیجہ حسن، سید احسن عباس رضوی اور طفیل بھٹی، یونین کونسل 225 میں تسیم سہوترہ، وسیم شہاب الدین اور لیاقت علی رحمانی، یونین کونسل 226 میں عمران آفاق انھوال اور عمران پال، یونین کونسل 227 میں میڈم یاسمین مصباح، میڈم ہیلم حسنین اور غلام سرور کھر، یونین کونسل 228 میں خالد احمد ایڈووکیٹ، میڈم بشریٰ ملک اور چوہدری کاشف ایڈووکیٹ، یونین کونسل 229 میں منور انجم، وقار ملک اور چوہدری شاہد جٹ، یونین کونسل 232 میں عمر ریاض، اعجاز اشرف ناز، حامد علی جعفر اور ملک افتخار علی، یونین کونسل 233 میں مسعود ملک اور چوہدری حنیف، یونین کونسل 234 میں رانا عرفان احمد اور حسن خان، یونین کونسل 235 میں میڈم تسنیم چوہدری اور چوہدری عبدالحمید، یونین کونسل 236 میں یاسر بارا اور رانا ذوالفقار احمد، یونین کونسل 237 میں ذیشان شامی اور رانا عبدالشکور، یونین کونسل 238 میں عباس شاہ، جاوید اقبال اور ملک مظفر، یونین کونسل 239 میں چوہدری سجاد تنویر اور اصغر نیازی، یونین کونسل 240 میں ملک ہاشم خان اور منشی شہادت، پی پی 157 کی وارڈ نمبر 6 میں سلمان ارشد اور میاں طارق منیر اور وارڈ نمبر 10 کی کمیٹی میں محمد ریاض راٹھور خالد بٹ اور میاں مشتاق شامل ہیں۔ یہ کمیٹیاں متعلقہ یونین کونسل میں کارنر میٹنگز، پولنگ سٹیشن، پولنگ ایجنٹس، ووٹر پرچیاں تقسیم کرنے گھر گھر جائیں گی، کمیٹیاں یونین کونسل کے کمزور حلقوں کی نشاندہی اور پولنگ کے روز ٹرانسپورٹ اور کھانا فراہمی کی ضروریات دینے کی ذمہ دار ہوگی۔

بقیہ جات 6

و بحران سے نجات کے لیے جمعیت کی امیدواروں کو کامیاب بنائیں اسلام کے عادلانہ نظام کا نافذ اور انسانیت کی بلاتفریق خدمت جمعیت کا منشور ہے اقتدار اور مفادات کا حصول کبھی ہدف نہیں رہا انہوں نے کہا کہ ملک بحران کی کیفیت سے نکالنے کے لیے عوام امانت دار صادق امیدواروں کا انتخاب کرے ملک کی ترقی واستحکام آپ کی ووٹ سے وابستہ ہے جمعیت کی سیاست لسانی، علاقائی، قبائلی اور مذہبی عصبیتوں سے بالاتر ہے انہوں نے کہا کہ انتخابات عوام کے پانچ سال کے مستقبل کا فیصلہ ہے قوم اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، جمعیت علماء اسلام مظلوم اور دیندار لوگوں کی دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے ہر دور میں اقتدار سے چمٹنے کے لیے عوام کو خوشنما نعروں سے دھوکہ دیا جارہا ہے۔

بقیہ جات 7

کھرل، رائے عارف کھرل، رائے محمد اسلم کھرل، رائے سیف کھرل، رائے محمد اشرف کھرل، راؤ عباس کھرل، رائے بارق اللہ کھرل، رائے ساجد کھرل بھی موجود تھے۔ ہمایوں اختر خان نے دربار چرتی شریف پر بھی حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پیر خواجہ فخر حسین منیری، پیر محمد شاہ قریشی، پیر تنویر شاہ قریشی، صاحبزادہ قدیر حسین منیری، صاحبزادہ عدیل حسین منیری اور دیگر بھی موجود تھے۔ کارنر میٹنگز کے دوران علاقہ عمائدین کی جانب سے ہمایوں اختر خان اور ان کے پینل کی مکمل حمایت کا اعلان بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی مہم کے دوران حلقے کی عوام نے جس طرح پذیرائی دی ہے اسے کبھی فراموش نہیں کرسکتے، ہم آپ کی محبتوں کے مقروض ہیں، یہاں کی محرومیوں کا ازالہ کریں گے، اس کیلئے تیز رفتار ترقی کا نیا ماڈل متعارف کرائیں گے۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ کسانوں اور نوجوانوں کی زندگیوں میں تبدیلی لانے کیلئے جن منصوبوں کا وعدہ کیا ہے وہ زبانی جمع خرچ نہیں، آپ لوگوں نے ہمارا ساتھ دینا ہے ان شاءاللہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد آپ کو ایک لمحے کی تاخیر کیے بغیر خدمت کرتے نظر آئیں گے۔

بقیہ جات 8

20 روپے فی کلوگرام ملے گی۔ خیال رہے کہ گندم کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف عوامی ایکشن کمیٹی گزشتہ ایک ماہ سے سراپا احتجاج تھی۔

بقیہ جات 9

نرخ بھی اسی کمپنی کی جانب سے جاری کیے جائیں گے۔ سونے کے یومیہ نرخوں کے اجراء کیلئے کمپنی کے دفتر کے باہر بڑی اسکرین بھی نصب کی گئی ہے۔ کمپنی کا باقاعدہ افتتاح آج (منگل) کو متحدہ عرب امارات کے معروف کاروباری گروپ کے چیئرمین ڈاکٹر بو عبداللہ کریں گے

بقیہ جات 10

گئی ہے جبکہ دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ ملزمان نے دو روز قبل شہری کو مخبری کے شبہ میں چھریوں کے وار سے زخمی بھی کیا تھا۔

بقیہ جات 11

شریف کا آخری سبق اور پانچ فضلا کا نکاح پڑھایا۔ جبکہ نمایاں مہمانان میں شیخ اشفاق، بھائی شیخ ارشاد، مولانا امتیاز خطیب جامع مسجد آسٹریلیا، حاجی مقصود، مفتی عرفان، مفتی گلفام اور انعام الرحمن نے شرکت کی۔ آٹھ حافظ بننے والے بچوں نے آخری سبق اکٹھے ایک ہی آواز میں سنا کر تمام شرکا محفل پر سحر طاری کردیا۔ اور قرآن اپنی پوری شان کے ساتھ دلوں پر اثر کرتا ہوا دکھائی دینے لگا، مختصر مگر پراثر پروگرام اور دستار بندی کے خوبصورت منظر نے ہزاروں نئے آنے والے مہمانوں کے لیے اپنی اولاد کو راہ علم وعمل کا شہسوار بنانے کے بھرپور جذبات پیدا کیے، اپنی تمام تر وسعتوں کے باوجود مسجد کا کشادہ ہال تنگی داماں کی شکایت کرتا دکھائی دینے لگا۔ اور سردی کے باوجود دروازے کھولنا مجبوری بن گیا، اختتامی دعا اور نماز عصر وضیافت کے بعد ہر شریک محفل جامعہ کو دعائیں دیتا اور دعائیں لیتا ہوا اپنی اپنی منزل کو روانہ ہوا۔

بقیہ جات 12

مجرمان، 192 عدالتی مفرور اور 18 عادی مجرمان پکڑے گئے ہیں۔ سٹی ڈویژن میں 222 اشتہاری مجرمان، 773 عدالتی مفرور اور 159 عادی مجرمان حراست میں لئے گئے ہیں۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 167 اشتہاری مجرمان، 462 عدالتی مفروران اور 85 عادی مجرمان پکڑے گئے ہیں۔ اسی طرح صدر ڈویژن میں 208 اشتہاری مجرمان، 404 عدالتی مفرور اور 68 عادی مجرمان اور ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 147 اشتہاری مجرمان، 271 عدالتی مفرور اور 19 عادی مجرمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ سی سی پی او لاہور نے ہدایت کی کہ الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کروایا جائے اور شرپسند وقانون شکن عناصر سے سختی سے نمٹا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت ہرگز نہیں، خلاف ورزی پر سخت ایکشن ہوگا۔ بلال صدیق کمیانہ نے حساس علاقوں میں جاری سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز میں مزید تیزی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی عمل کے دوران ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، ہلڑ بازی، ہنگامہ آرائی اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں پر فوراً قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ جات 13

سنی تحریک ثروت اعجاز قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنرل الیکشن میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی بڑھتی جارہی ہے

بقیہ جات 14

میں کہا کہ بدلتی ہوئی صورتحال میں مسئلہ کشمیر کو پائیدار مذاکراتی عمل کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے اور بلا لحاظ مذہب وملت، ذات، رنگ یا جنس ہر ریاستی باشندے کو حق خودارادیت میں حصہ لینے کا یکساں حق حاصل ہے اور اس لیے یہ ہر کشمیری کا فرض ہے کہ وہ متنازعہ علاقے کی آبادیاتی ساخت کا تحفظ اور دفاع کرے۔ انہوں نے کہا کہ متنازعہ علاقے کے لوگ بھارتی عزائم سے بخوبی واقف ہیں اور آزادی کے مقدس مقصد کے لیے ہر قیمت پر بھائی چارہ برقرار رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت غیر کشمیریوں کو علاقے میں آباد کرکے اس کی آبادی کا تناسب تبدیل کررہا ہے اس طرح لوگوں کے حق خودارادیت کو دبایا جارہا ہے جو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ جات 15

انہوں نے ٹیکسیشن نظام کے حوالے سے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ٹیل کے صدر زوہیب الرحمٰن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدر واصف عتیق شیخ، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمن زبیری، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمن اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران صدیق بٹ، عثمان تابش، محمد شفیق راجپوت اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر سے پہلے ہی 9415 ارب کا ٹیکس ہدف پورا نہیں ہورہا اور آئی ایم ایف کی شرائط پر مزید ٹیکس لگانے کا منصوبہ زیر غور ہے۔ ٹیکس ریٹس بڑھا کر ہر طبقے پر بوجھ ڈالا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اضافی بوجھ ڈالے بغیر بھی مزید ٹیکس اکٹھا کیا جاسکتا ہے لیکن ایف بی آر اس کے لئے سنجیدہ نہیں۔ مطالبہ ہے کہ حکومت کی معاشی ٹیم اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے معاشی پالیسیوں کا اعلان کرے تاکہ مسائل حل ہوسکیں۔

بقیہ جات 16

شروع کردیا گیا ہے جس کے باعث ٹریفک معمول کے مطابق جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے جھیکا گلی، کشمیر پوائنٹ سمیت دیگر مقامات پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام اہلکار اور مشینری فعال ہے اور برف کو جلد پگھلانے اور صفائی کیلئے سڑکوں پر نمک کا استعمال بھی کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کیلئے کنٹرول روم بھی قائم کردیا گیا ہے۔ انتظامیہ نے سیاحوں کیلئے ایڈوائزری بھی جاری کردی ہے جس میں شہریوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ جات 17

نرسنگ کالج مظفرگڑھ اور نشتر نرسنگ کالج ملتان بھی تعینات رہ چکی ہیں۔ پرائیویٹ نرسنگ کالجز فیڈریشن پاکستان کی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ثانیہ کھیڑا نے میڈم طاہرہ صغیر ڈائریکٹر جنرل نرسنگ پنجاب تعینات ہونے پر مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ امید ہے میڈم پنجاب میں نرسنگ کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کریں گی۔ انکی تعیناتی کے بعد نرسنگ کمیونٹی میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، میڈم نہایت نیک اور نرسنگ کمیونٹی مسائل سے آشنا ہے۔ پنجاب کی نرسنگ کمیونٹی سمیت سول سوسائٹی اور عوامی وسماجی حلقوں نے میڈم طاہرہ صغیر کو ڈائریکٹر جنرل نرسنگ پنجاب کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی ہیں۔

بقیہ جات 18

مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کا غیر قانونی بھارتی اقدام بین الاقوامی قانون کی ایک اور خلاف ورزی ہے تاکہ مقبوضہ علاقے کو اپنی کالونی بنایا جائے کیونکہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کرنا بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقے میں ہندوتوا قوتوں کا ایجنڈا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ آر ایس ایس اور بی جے پی جموں وکشمیر کے لوگوں کو فوجی طاقت کے بل پر قید کرنے، علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے، کشمیریوں کی شناخت اور ثقافت کو مٹانے اور ان کے تمام قدرتی وسائل پر قبضہ کرنے کے لیے کام کررہی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بی جے پی حکومت نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں آباد کاری کے منصوبے کے ذریعے اپنے ایجنڈے کو توسیع دی ہے اور وہ علاقے میں غیر کشمیری ہندوؤں کو بسانے کے لیے کشمیریوں کی زیادہ سے زیادہ زمینوں پر قبضہ کررہی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مقبوضہ علاقے میں بھارت کے استعماری اقدامات اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جہاں بہادر کشمیری مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی آبادکاری کے نوآبادیاتی منصوبے کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں، وہیں عالمی برادری کو بھی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں اور مقبوضہ علاقے کی آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے مودی کے مذموم عزائم کا نوٹس لینا چاہیے۔

بقیہ جات 19

کھڑی کی تھی جلسہ سے واپسی پر موٹر سائیکل موجود نہ تھی جو کہ تلاش کرنے کے باوجود نہ مل سکی پولیس تھانہ سٹی نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے مگر تاحال پولیس کی طرف سے کوئی پیش رفت نہ ہوسکی ہے قبل ازیں بھی شہر بھر سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں ہوچکی ہیں مگر پولیس تھانہ سٹی ننکانہ صاحب کی طرف سے کوئی خاطر خواہ کارروائی نہ کی گئی ہے شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ننکانہ صاحب اور آر پی او سے مطالبہ کیا ہے اس موٹر سائیکل چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی روک تھام کیلئے مناسب کارروائی کی جائے اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کیے جائیں۔

بقیہ جات 20

شبیر، ایم ڈی چلڈرن ہسپتال لاہور پروفیسر ڈاکٹر ٹیپو سلطان، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پروفیسر ڈاکٹر انجم جلال، پرو وائس چانسلر ایف جے ایم یو پروفیسر ڈاکٹر کامران خالد، پرنسپل سروسز انسٹی ٹیوٹ میڈیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر زہرہ خانم، پروفیسر ڈاکٹر توصیف فاطمہ ودیگر افسران اور ویڈیو لنک کانفرنس کے ذریعے پرنسپل ساہیوال میڈیکل ٹیچنگ ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر عمران حسن خان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران عدالت عالیہ کے احکامات کی روشنی میں عملدرآمد کروانے کیلئے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی ممبران نے سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر بنانے کیلئے عدالت عالیہ کے احکامات کا خیرمقدم کیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر حافظ شاہد لطیف نے اس حوالے سے حاضرین کو بریفنگ بھی دی۔ نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر بنانے کے حوالے سے عدالت عالیہ کے احکامات پر عین مطابق سو فیصد عملدرآمد کروایا جائے گا۔ عدالت عالیہ نے سرکاری ہسپتالوں کے بنیادی مسائل پر روشنی ڈالی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے کوئی مشکل نہیں آنے دیں گے۔ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر بنانے کیلئے تمام تر توانائیاں خرچ کی جارہی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں پرائیویٹ پریکٹس کیلئے طبی سہولیات کا جائزہ لینے کیلئے سی ای او پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پروفیسر ڈاکٹر انجم جلال کی سربراہی میں ایک ذیلی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔ سب کمیٹی سرکاری ہسپتالوں میں پرائیویٹ پریکٹس کیلئے طبی سہولیات کا جائزہ لے کر حتمی سفارشات اور تجاویز پیش کرے گی۔

بقیہ جات 21

انتظامیہ کے اقدامات کی وجہ سے انتخابی مہم چلانے میں مشکلات کا سامنا ہے، پوسٹرز اور فلیکسز صرف آزاد امیدوار ہونے کی بنیاد پر اتارے جا رہے ہیں۔ درخواست گزار نے استدعا کی کہ لاہور ہائیکورٹ انتظامیہ کو پوسٹرز اور فلیکسز اتارنے سے روکنے کا حکم دے۔

بقیہ جات 22

مزید کہا کہ مملکت علاقائی مسائل پر مصر کے ساتھ مشترکہ تعاون کی خواہشمند ہے۔ انہوں نے عالمی برادری کی طرف سے فلسطینیوں کو دی جانے والی اجتماعی سزا روکنے کے لیے متفقہ فیصلہ کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل کی طرف سے فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دینے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ دوسری جانب اسرائیلی جنگی کونسل کے وزیر بینی گینٹز نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی فوجیں جلد ہی پٹی کے جنوب میں واقع شہر رفح تک پہنچ جائیں گی۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میڈیا سے گفتگو میں غزہ کی پٹی میں قیدیوں کی رہائی کو یقینی بنانے کی فوری ضرورت کو تسلیم کرتے ہوئے گینٹز نے کہا کہ حماس کے خلاف جنگ 10 سال تک چل سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حماس کو تباہ کرنے کا وقت ہے، لیکن یرغمالیوں کے لیے اب زیادہ وقت نہیں ہے۔ وہ اب ترجیح ہیں۔

بقیہ جات 23

صنعت، بشمول اسلامک کیپیٹل مارکیٹس، نان بینکنگ مالیاتی ادارے، اور تکافل کے بارے میں ضروری معلومات شامل کی گئیں ہیں جبکہ ایس ای سی پی کی پالیسیوں، ریگولیٹڈ سیکٹرز شعبوں کے بارے میں مستقبل کے تناظر کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی نے حال ہی میں ریگولیٹڈ اسلامک فنانس سیکٹر کا تشخیصی جائزہ پیش کیا تھا جس میں پالیسی سفارشات کے ساتھ اس شعبے کے حوالے سے معلومات اور ڈیٹا کی فراہمی کی سفارش بھی کی گئی تھی۔ اسی تسلسل میں، ایس ای سی پی کے اسلامک فنانس کے محکمہ نے اسلامی مالیات پر سہ ماہی ڈیٹا شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ یہ اسلامک فنانس بلیٹن 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اسلامی مالیات کا جائزہ پیش کرتا ہے۔ گزشتہ چند سالوں میں، معاشی چیلنجوں کے باوجود، پاکستان کے اسلامی مالیاتی شعبے نے نمایاں ترقی کی ہے اور اب ملک کے مالیاتی منظرنامے میں اہم حصہ کے طور پر ابھر رہا ہے۔ فیڈرل شریعت کورٹ نے ملک سے ربا کو ختم کرنے اور پانچ سالوں میں معیشت کو اسلامی ڈھانچے میں تبدیل کا فیصلہ دیا تھا، جس کے بعد اس شعبے میں مسلسل ترقی ہورہی ہے۔ مزید برآں، اسلامی بینکاری کے اعداد وشمار اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شائع کردہ اسلامی بینکنگ بلیٹن میں دیئے جاتے ہیں۔

بقیہ جات 24

پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی اور عمر بلال، سرکاری وکلا، شاہ محمود قریشی کی اہلیہ اور بیٹی، عام لوگ اور گواہ بھی کمرہ عدالت پہنچے۔ وزارت عظمیٰ کے دور میں عمران خان کے سیکرٹری رہنے والے اعظم خان پر جرح شروع ہوئی اس دوران عدالت کا ماحول کشیدہ ہوگیا، عمران خان اور شاہ محمود قریشی غصے میں آگئے اور شور شرابہ شروع کردیا جس کے باعث کارروائی معطل کردی گئی

بقیہ جات 25

مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے روڈ پر ٹائر بھی جلائے اور ٹریفک بلاک کر دیا۔ لواحقین نے کہا کہ میتوں کی واپسی کے انتظامات نہ کیے گئے تو احتجاج پر مجبور ہوئے ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ حکومت علی پور کے افراد کی لاشیں واپس لانے میں مدد کرے۔

بقیہ جات 26

ات پیش کرنا چاہتے ہیں، مہلت دی جائے۔ جس پر عدالت نے الیکشن کمیشن کے وکیل کی استدعا منظور کر لی۔

بقیہ جات 27

پولنگ اسٹیشنز کی مجموعی تعداد 90 ہزار 675 ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ملک میں نارمل پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 44 ہزار 610 ہے جبکہ 27 ہزار 628 پولنگ اسٹیشنز حساس اور 18 ہزار 437 انتہائی حساس ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب میں 32 ہزار 324 نارمل، 12 ہزار 580 حساس اور 6 ہزار 40 انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز ہیں۔ سندھ میں 5 ہزار 937 نارمل، 6 ہزار 545 حساس اور 6 ہزار 524 انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز ہیں جبکہ خیبرپختونخوا میں 5 ہزار 388 نارمل، 6 ہزار 166 حساس اور 4 ہزار 143 انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق بلوچستان میں 961 نارمل، 2 ہزار 337 حساس اور ایک ہزار 730 پولنگ اسٹیشنز انتہائی حساس ہیں۔

بقیہ جات 28

کاروں کیلئے ویزا کا اجرا کردیا گیا ہے، اس حوالے سے اسلام آباد اور دہلی میں بیک وقت ایک دوسرے کے سفارتکاروں کیلئے ویزے جاری کیے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ دسمبر تک آنے والی تمام ویزا درخواستوں پر ویزے جاری کیے گئے۔ پاکستان ہائی کمیشن نئی دہلی کی جانب سے بھارت عملے کیلئے 30 ویزے جاری کیے گئے جبکہ بھارت نے بھی سفارتی عملے کے 30 ہی ویزے جاری کیے ہیں۔

بقیہ جات 29

فونز پاکستان میں بننا شروع ہوگئے ہیں، اب تک 5.7 کروڑ موبائل فونز پاکستان میں بن چکے ہیں، مقامی سطح پر فائبر کیبل کی تیاری میں بھی پیشرفت ہوئی ہے، مقامی سطح پر 4 کمپنیاں فائبر کیبل بنا رہی ہیں۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ 300 میگا ہرٹس اسپیکٹرم نیلامی کیلئے پیش کریں گے، اس کے علاوہ جولائی اگست میں 5 جی اسپیکٹرم بھی نیلامی کیلئے پیش کریں گے، 5 جی اسپیکٹرم کی نیلامی آسان شرائط پر رکھیں گے اور ایسی پالیسی لائیں گے کہ کمپنیاں انفراسٹرکچر پر سرمایہ کاری کرسکیں گی، ہمیں امید ہے ٹیلی کام انڈسٹری اسپیکٹرم کی نیلامی میں کھلے دل سے حصہ لے گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 3 سال میں پاکستان میں آئی ٹی اور الیکٹرانکس کے شعبے میں کام ہوا، گزشتہ 3 سال میں آئی ٹی، الیکٹرانکس کے حوالے سے پالیسیز بھی بنی ہیں، موبائل پالیسی کے باعث ہی موبائل فون پاکستان میں بننا شروع ہوئے ہیں اور 35 برانڈز پاکستان میں موبائل فونز بنارہے ہیں۔ نگران وزیر نے بتایا کہ حکومت نے موبائل مینوفیکچررز کو 3 فیصد ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ الاؤنسز (آر اینڈ ڈی) الاؤنس دینے کا فیصلہ کیا ہے اور اگلے مالی سال سے پہلے یہ الاؤنس موبائل کمپنیوں کو ملنا شروع ہوجائے گا، مزید یہ کہ اس الاؤنس کو 3 فیصد سے بڑھا کر 8 فیصد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزارت آئی ٹی نے انفراسٹرکچر شیئرنگ فریم ورک بنایا ہے، اس کے علاوہ وزارت آئی ٹی نیشنل فائبرائزیشن پالیسی پر بھی کام کررہی ہے، حکومت نے کیبل بچھانے کیلئے اسٹینڈرائزیشن کی ہے اور اس اقدام سے فائبر بچھانے کی لاگت میں 300 فیصد کی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے اسپیس پالیسی بھی تیار کی گئی ہے، اسپیس پالیسی سے کمپنیاں پاکستانی صارفین کو کہیں بھی انٹرنیٹ دے سکیں گی۔

بقیہ جات 30

نوازشریف بے قصور تھا، سزا دینے والے جج ایک ایک کرکے رخصت ہوگئے، وہ جج بھی چلا گیا جسے 8 ماہ بعد چیف جسٹس بننا تھا، جج استعفیٰ دے کر چلا گیا کیوں کہ پتہ تھا چور کی داڑھی میں تنکا ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ وہ جج میرے کیسوں پر مانیٹر جج بن کر بیٹھا ہوا تھا، میں بے قصور ثابت ہوا اور سزا دینے والے جج چلے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں آئندہ بھی کوئی کسر نہیں چھوڑوں گا، نواز شریف تھا تو سکون تھا، گھروں میں سکون تھا، مہنگائی کا نام نشان نہیں تھا، پیٹرول سستا تھا، اس زمانے کو واپس لانا ہے

بقیہ جات 31

جی کی قیمت میں ہی کے بعد گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 230 اور کمرشل سلنڈر کی قیمت میں 900 کی کمی ہوگئی۔ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران قیمت میں مزید کمی ہوسکتی ہے۔ عرفان کھوکھر کا کہنا ہے کہ پاک ایران تعلقات میں بہتری کے بعد گیس مافیاں کی کمر ٹوٹ گئی اور خواب چکنا چور ہوگئے۔

بقیہ جات 32

شاہ نے سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وکیل نعیم بخاری سے استفسار کیا کہ کیا آپ کیس چلانا چاہتے ہیں؟ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ بخاری صاحب آپ اکیلے رہ گئے ہیں جس پر نعیم بخاری نے جواب دیا تو کیا میں بھی چلا جاؤں؟ نعیم بخاری کے جواب پر کمرہ عدالت میں قہقہے لگ گئے۔ وکیل نعیم بخاری نے کہا کہ لوگ اکثر میری حس مزاح کو غلط سمجھ لیتے ہیں جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ میں آپ کی حس مزاح کو غلط نہیں سمجھوں گا۔ نعیم بخاری نے کہا کہ تو اب مجھے لوگ جنازوں پر بھی نہیں بلاتے، کہتے ہیں کہیں مردہ زندہ ہوکر لطیفہ سنانے کا نہ کہہ دے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے پوچھا آپ اب کیا چاہتے ہیں؟

بقیہ جات 33

شہر میں بہت خراب ہے، ایم کیو ایم نے جو کچھ کیا، ہر چیز کی ویڈیو موجود ہے، ویڈیوز میں واضح ہو رہا ہے کہ یہ واقعہ کس طرح پیش آیا۔ سعید غنی نے کہا کہ مصطفیٰ کمال کھلے عام لڑنے جھگڑنے کا کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایم کیو ایم پاکستان ہمارے ورکرز کو دھمکیاں دے رہی ہے، مختلف علاقوں میں الیکشن مہم چلانے نہیں دی جارہی، ملیر نارتھ کراچی میں ہمارے سارے جھنڈے اور بینرز اتارے جارہے ہیں۔

بقیہ جات 34

اختر مینگل کے کاغذات نامزدگی کی منظوری کیخلاف اپیل پر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ اعتراض کنندہ یاسر احمد کے وکیل سلطان احمد سپریم کورٹ میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت جسٹس مسرت ہلالی نے استفسار کیا کہ آپ نے امیدوار کیخلاف حقائق الیکشن ٹریبونل یا ہائیکورٹ میں کیوں نہیں رکھے؟ وکیل اعتراض کنندہ نے عدالت کو بتایا کہ مائی لیڈی شپ یہ حقائق ہائیکورٹ کے سامنے رکھے گئے۔ چیف جسٹس نے وکیل سلطان احمد سے استفسار کیا کہ کیا آپ شادی شدہ ہیں؟ جس پر اعتراض کنندہ کے وکیل نے کہا کہ جی ہاں میں شادی شدہ ہوں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ پھر آپ کے خلاف اگلی شکایت آپ کی بیوی کی جانب سے آئیگی، آپ کو یور لیڈی شپ کہنا چاہیے تھا آپ نے جج صاحبہ کو مائی لیڈی شپ کیوں کہا؟ جسٹس مسرت ہلالی نے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ مجھے آپ کی اس بات پر غصہ آیا ہے، جس پر اعتراض کنندہ کے وکیل نے معزز جج صاحبہ سے معافی مانگ لی۔ بعدازاں سپریم کورٹ نے ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف اپیل خارج کردی۔ عدالت نے اپنے حکم میں کہا کہ یاسر احمد نے اختر مینگل کے کاغذات نامزدگی کی منظوری کیخلاف اپیل دائر کی، ریٹرننگ افسر نے اختر مینگل کے کاغذات نامزدگی مسترد کیے، الیکشن ٹریبونل نے آر او کا فیصلہ مسترد کرتے ہوئے کاغذات نامزدگی منظور کیے۔ عدالت نے کہا کہ ہائیکورٹ نے الیکشن ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا، اختر مینگل 8 فروری کے عام انتخابات میں امیدوار ہیں۔ عدالت نے کہا کہ سپریم کورٹ اختر مینگل کے کاغذات نامزدگی کی منظوری کیخلاف اپیل مسترد کرتی ہے۔ عدالت نے کہا کہ سپریم کورٹ انتخابی معاملے کے حقائق سے متعلق کیسز میں مداخلت سے گریز کرتی ہے۔

بقیہ جات 35

کو میں نے ماہرین کے ساتھ مل کر خود تیار کیا ہے، ہمیں لگتا ہے کہ مہنگائی، بیروزگاری اور موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے پاکستان واقعی خطرے میں ہے، اس مسئلے کے بارے میں پاکستانیوں کو سمجھانا ضروری ہے

بقیہ جات 36

کرلی۔ پیر کو جسٹس منصور علی شاہ پر مشتمل تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت دلچسپ صورتحال پیدا ہوگئی، طاہر صادق کی اہلیہ کے کاغذات پر اعتراض کنندہ عدالت میں پیش ہوئے، جنہوں نے اعتراض دائر کرنے سے اظہار لاعلمی کر دیا۔ عدالت نے متعلقہ ریٹرننگ افسر کو انتخابات کے بعد طلب کر لیا۔ واضح رہے کہ 26 جنوری کو سپریم کورٹ نے آزاد امیدوار طاہر صادق کو انتخابات لڑنے کی اجازت دے دی تھی۔ جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے مقدمے کی سماعت کی تھی۔ طاہر صادق نے این اے 49 اٹک سے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے، آزاد امیدوار نے لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا

بقیہ جات 37

زیادہ ہونے کے باوجود جنگ بندی میں ناکامی کی وجہ سے مسلمان اور عرب ووٹران سے مایوس ہیں۔ امریکی ٹی وی کے مطابق اس سے بھی بڑھ کر ڈیموکریٹک پارٹی کی کچھ حکمت عملیوں نے خبردار کیا کہ امریکی صدر کو ایسے نمائندوں یا ثالثوں کو تلاش کرنے میں دشواری ہوسکتی ہے جو اہم ووٹر گروپوں جیسے کہ مسلمان اور عرب امریکیوں اور بہت سے ترقی پسندوں سے بات کرنے کے لیے تیار ہوں جو ان کی خارجہ پالیسی سے شدید ناراض ہیں

بقیہ جات 38

ہم پر اعتراض اٹھایا جارہا ہے کہ میں کیس سے الگ ہو جاؤں۔ جسٹس سردار طارق مسعود نے خود کو بینچ سے الگ کرلیا جس کے بعد فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا۔ سپریم کورٹ نے بینچ کی دوبارہ تشکیل کے لیے معاملہ ججز کمیٹی کو بھجوا دیا اور کہا کہ 3 رکنی ججز کمیٹی انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کیلئے نیا لارجر بینچ تشکیل دے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں سویلینز کا ٹرائل کالعدم قرار دینے کا فیصلہ معطل رہے گا۔

بقیہ جات 39

کے حصول کیلئے باہمی احترام کی بنیاد پر اور مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اجتماعی نقطہ نظر کی بنیاد پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ جات 40

امور پیر کو چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کے بڑے بھائی ظفر بیگ کے انتقال پر تعزیت کیلئے چیئرمین پیمرا کے دفتر گئے اور چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کے بھائی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ چیئرمین پیمرا کے بھائی ظفر بیگ کے انتقال کی خبر سن کر دلی افسوس ہوا، مرحوم کی وفات سوگوار خاندان کیلئے بڑا صدمہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے جسے مدتوں پر نہیں کیا جاسکتا۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم ظفر بیگ کو اپنے جوار رحمت میں اعلی مقام اور تمام اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ جات 41

کے لیے بیلٹ پیپرز کی دوبارہ چھپائی شروع ہو گئی۔ ذرائع الیکشن کمیشن نے بتایا کہ متعدد حلقوں کے بیلٹ پیپرز کی دوبارہ چھپائی کے باعث اضافی کاغذ ختم ہوگئے۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق کسی بھی حلقے کے بیلٹ پیپرز دوبارہ چھاپنے کی گنجائش ختم ہوگئی، ضمنی انتخابات کے لیے حاصل کردہ اضافی کاغذ بھی ختم ہوگیا، الیکشن کمیشن نے 30 ٹن اضافی کاغذ منگوایا تھا۔ ذرائع الیکشن کمیشنکے مطابق اب کسی حلقے کے بیلٹ پیپرز دوبارہ چھاپنے پڑے تو تاخیر کا امکان ہے، خصوصی فیچرز کے حامل کاغذ کی سیکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن سے دوبارہ تیاری میں 15 سے 20 روز لگ سکتے ہیں، بیلٹ پیپرز کی چھپائی کا کام 60 فیصد مکمل ہوگیا۔

بقیہ جات 42

زرداری الیکشن لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند دن پہلے ہمارے الیکشن آفس پر پیٹرول بموں سے حملہ کیا گیا، پنجاب پولیس ہمارے نمائندے اور حمایتی گرفتار کررہی ہے، پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے شہزاد اور شہباز کو پولیس نے گرفتار کیا۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ ن لیگ سے پیپلز پارٹی میں آنے والی خدیجہ پروین کو بھی کل پنجاب پولیس نے گرفتار کیا، پارٹی عہدیدار نے سی سی پی او سے رابطہ کیا تو انہوں نے غلط زبان استعمال کی۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ شہزاد، شہباز اور خدیجہ پروین کو فوری رہا کیا جائے، ہم الیکشن کمیشن سے پنجاب میں پولیس گردی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بقیہ جات 43

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی موجودگی میں ایم کیو ایم کے کارکن کو قتل کیا گیا، احمد فراز کو پیپلز پارٹی کے دہشتگردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا۔ انہوں نے کہا کہ 3 ماہ میں ایم کیو ایم کے 6 کارکنوں کو شہید کیا گیا یہ ساری کارروائی ڈاکٹر عاصم کے کہنے پر ہوئی۔ رہنما ایم کیو ایم نے ڈاکٹر عاصم کے خلاف ایف آئی آر کاٹنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ انصاف ہوتا نظر آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پر پیپلز پارٹی پہلے ہی قبضہ کرچکی ہے، پیپلز پارٹی اندر سے پاکستان کو ختم کررہی ہے، سہراب گوٹھ، مچھر کالونی اور منگھوپیر میں ہمارے کارکنوں کو پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے شہید کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پہلے ہمارے جھنڈے اتارے گئے جب ہمارے کارکنوں نے روکا تو ہاتھا پائی کرکے چلے گئے بعد میں کلاشنکوف کے ساتھ آئے اور سیدھی فائرنگ کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ساتھیوں کے پاس اسلحہ ہوتا تو جوابی فائرنگ بھی ہوتی لیکن ہمارے کارکنوں نے ایک پتھر پلٹ کر نہیں مارا۔ رہنما ایم کیو ایم نے کہا کہ جب وہ حملہ کرنے آئے تو چار پولیس موبائلیں موجود تھیں، یہ پہلا واقعہ نہیں بلکہ یہ 3 ماہ کے دوران ہونے والا چھٹا واقعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فائرنگ کرنے کا یہ جواز پیش کیا جارہا ہے کہ گاڑیاں جلائی گئیں جس کے جواب میں فائرنگ ہوئی۔

بقیہ جات 44

اور یہ سازش بھی ہوسکتی ہے۔ ایک انٹرویو میں پی ٹی آئی منشور کے حوالے سے بات کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وزیراعظم کا انتخاب براہ راست ہونا چاہیے کیونکہ عوام کو اپنا وزیراعظم خود منتخب کرنا چاہیے

بقیہ جات 45

معاملہ صرف تنقید تک ہے تو کسی کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ اٹارنی جنرل نے حکومت کی جانب سے تنقید پر کارروائی نہ کرنے کی یقین دہانی کروادی۔ حکم نامے کے مطابق عدالت نے طلب کیے گئے صحافیوں کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی سے روک دیا، ڈی جی ایف آئی اے کو صحافیوں کے ساتھ ملاقات کرنے کی ہدایت کردی اور ایف آئی اے حکام سے سوال کیا کہ صحافیوں کو کیوں بلایا گیا ہے؟ حکم نامے کے مطابق سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ وفاقی حکومت صحافیوں پر تشدد کے خلاف رپورٹ 2 ہفتے میں فراہم کرے۔ عدالت عظمٰی نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے خلاف از خود نوٹس کی سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ جات 46

آبادی میں اضافہ ایک سنگین مسئلہ ہے، ملک میں آبادی کے انتظام میں سٹیک ہولڈرز کو اپنا اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔ اتوار کو ڈونرز اسٹریٹجک فورم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نگراں وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ متعلقہ عطیہ دہندگان کے ساتھ باقاعدہ رابطہ کمیٹی کے ذریعے یقینی بنایا جانا چاہیے

بقیہ جات 47

جانب سے سابق ڈی جی نیب شہزاد سلیم کے خلاف ہتک عزت کا فوجداری کیس قابل سماعت قرار دے دیا۔ پیر کو ایڈیشنل سیشن جج محمد سہیل نے طیبہ گل کی درخواست منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ 15 فروری کو سابق ڈی جی نیب شہزاد سلیم کو عدالت نے ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ عدالت نے کہا کہ ایس ایس پی رپورٹ کے مطابق شہزاد سلیم کے خلاف فوجداری کارروائی کرنے کا ثبوت نہیں ملا، وکیل صفائی کے مطابق شہزاد سلیم نے میڈیا پر ادا کیے گئے الفاظ کی تردید نہیں کی، شہزاد سلیم نے الزامات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا قرار دیا لیکن تردید نہیں کی۔ ایس ایس پی کی رپورٹ کے مطابق بھی شہزاد سلیم نے طیبہ گل کے خلاف اپنے بیان کی تردید نہیں کی، بادی النظر میں شہزاد سلیم کے خلاف ہتک عزت کی دفعات کے تحت کیس بنتا ہے۔ واضح رہے کہ شہزاد سلیم کی جانب سے میڈیا پر ہتک آمیز الزامات لگانے پر طیبہ گل نے عدالت سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ جات 48

سینیٹر تاج حیدر نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ کر مطالبہ کیا ہے کہ این اے 127 میں بلاول بھٹو کی حمایت کرنے والوں کو گرفتار کیا جارہا ہے، ان افراد کی رہائی کا حکم دیں اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ خط میں کہا گیا کہ پنجاب پولیس کی طرف سے ان گرفتاریوں کی وجہ سے علاقے میں دہشت کا ماحول ہے، پی ٹی آئی کے کارکن شہباز اور شہزاد کی پیپلز پارٹی میں شمولیت پر ان کو گرفتار کیا گیا۔ خط کے مطابق مسلم لیگ ((ن) کی کونسلر خالدہ پروین کو بھی پی پی کی حمایت پر اٹھا لیا گیا، پولیس سے رابطہ کرنے پر بتایا گیا کہ خالدہ پروین کو 4 ماہ پرانی ایف آئی آر کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا کہ ذوالفقار بدر نے کارکنوں کی رہائی کیلئے اعلیٰ افسران سے رابطہ کیا تاہم دادرسی نہیں ہو سکی، خدشہ ہے کہ اگر پولیس کو نہ روکا گیا تو اس طرح کے فاشسٹ ہتھکنڈوں میں مزید اضافہ ہوگا۔

بقیہ جات 49

سے متعلق شکایات کے اندراج کیلئے واٹس ایپ ہیلپ لائن متعارف کرادی ہے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے عام انتخابات کے سلسلے میں پولنگ سے متعلق شکایات کے اندراج کیلئے واٹس ایپ ہیلپ لائن متعارف کرادی ہے۔ 8 فروری کو ملک بھر میں 128 ملین سے زائد ووٹرز اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے جبکہ انتخابات میں سیاسی جماعتوں کے علاوہ آزاد امیدواروں کی بڑی تعداد بھی حصہ لے رہی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق شہری پولنگ سے متعلق شکایات کیلئے واٹس ایپ نمبر 0327-5050610 کا استعمال کرسکتے ہیں جبکہ قوت گویائی اور سماعت سے محروم افراد ویڈیو کے ذریعے اپنی شکایات پیش کرسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ای سی پی نے آئندہ عام انتخابات سے متعلق ووٹرز کی شکایات کے ازالے کیلئے الیکشن مانیٹرنگ اینڈ کمپلینٹ سینٹر (ای ایم سی سی) قائم کیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق واٹس ایپ کے علاوہ complaints@ecp.gov.pk ای میل ایڈریس اور ہیلپ لائن 111-327-000 پر بھی اپنی شکایت ارسال کرسکتے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے شکایات کے اندراج اور ان کے حل کیلئے اپنے سیکرٹریٹ کے ساتھ ساتھ صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی سطح کے دفاتر میں بھی کنٹرول روم قائم کیے ہیں جہاں سوشل میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا مانیٹرنگ کی سہولت بھی موجود ہے۔

بقیہ جات 50

بجٹ میں 80 ارب روپے کے 9 منصوبے شامل تھے۔ زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے پروگرام کیلئے 30 ارب مختص تھے، بجٹ میں وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کیلئے 10 ارب روپے مختص کیے گئے تھے جبکہ چھوٹے قرضوں کیلئے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت 10 ارب روپے مختص تھے۔ اسی طرح وزیراعظم یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کیلئے 5 ارب روپے مختص تھے، پاکستان انڈومنٹ فنڈ برائے ایجوکیشن کیلئے 5 ارب روپے مختص تھے، وزیراعظم آئی ٹی سٹارٹ اپ اور وینچر کیپٹل پروگرام کیلئے 5 ارب روپے مختص کیے گئے تھے۔ ذرائع نے مزید کہا ہے کہ بجٹ میں وزیراعظم سپورٹس اقدامات کیلئے 5 ارب روپے مختص کئے گئے تھے، وزیراعظم کے سبز انقلاب پروگرام کیلئے 5 ارب روپے مختص کیے گئے تھے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے پروگرام کیلئے 5 ارب روپے فنڈ میں رکھے گئے تھے۔

بقیہ جات 51

منظور وسان نے جاری بیان میں انتخابات سے متعلق پیش گوئیاں کرتے ہوئے بتایا ہے کہ انتخابات سے 2 دن پہلے بتاؤں گا کہ سندھ کا وزیراعلیٰ کون بنے گا۔ انہوں نے سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ ن کے قائد کے حوالے سے پیش گوئی کی ہے کہ نواز شریف الیکشن لڑیں گے مگر وزیراعظم کے امیدوار نہیں ہوں گے۔ منظور وسان نے کہا کہ الیکشن میں زیادہ تر آزاد امیدوار کامیاب ہوں گے، سندھ سے پیپلز پارٹی قومی اسمبلی کی بڑے مارجن سے سیٹیں جیتے گی۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ بلوچستان سے بھی پیپلز پارٹی اکثریت میں ہوگی، پنجاب کی سرائیکی بیلٹ میں بھی پیپلز پارٹی کو پذیرائی ملی ہے۔

بقیہ جات 52

ویب سائٹ بند کردی، اس بندش کا بھی نوٹس لیا جائے۔ بابر اعوان نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا جیل ٹرائل اقوام متحدہ کے انسانی حقوق چارٹر کی خلاف ورزی ہے، سپریم کورٹ کی طرح بانی پی ٹی آئی کا جیل ٹرائل بھی پبلک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صرف شہادت قلم بند کرتے وقت بانی پی ٹی آئی کو عدالت لایا جاتا ہے، بانی پی ٹی آئی کے مقدمہ میں انصاف کا قتل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف ملک نہیں صرف اپنا کاروبار سنبھال سکتے ہیں، نواز شریف کے وزیراعظم بننے کا کوئی چانس نہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ جتنے بھی قبیلے اور قومیتیں ہیں، آرٹیکل 14 کے تحت ان سب کا احترام لازمی ہے،

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری صاحب سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: شمیم بی بی دختر اللہ یار بنام مرتضیٰ ولد محمد اقبال قوم چوہان ساکن چک نمبر 602 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 30-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب چیئرمین صاحب ثالثی / مصالحتی کونسل میونسپل کمیٹی الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور۔

عنوان جاری کیے جانے موثر سرٹیفکیٹ طلاق ثلاثہ۔ جاوید اقبال ولد محمد حنیف ساکن نزد جامع مسجد علی المرتضیٰ حافظ چوک نیو گرین ٹاؤن لاہور (فریق اول) اشتہار بنام صوفیہ بیگم دختر محمد رفیق ساکن محلہ الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور (فریق دوئم) ہرگاہ فریق دوئم کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق اول نے درخواست بابت موثر کیے جانے طلاق ثلاثہ زیر دستخطی کے روبرو گزاری ہے جس میں آپ کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا مگر آپ حاضر نہ آئے ہیں لہذا آپ بتقرر 13-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً روبرو زیردستخطی حاضر آکر پیروی / اپنا موقف پیش کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لاتے ہوئے سرٹیفکیٹ موثری طلاق بحق فریق اول حسب ضابطہ جاری کردیا جائے گا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 3714

وراثت موضع کنڈن سیاں کے سائل کی والدہ زینب بی بی بیوہ کاکا ساکن موضع کنڈن سیاں تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا مورخہ درج 201/11/29 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں خورشید احمد پسر بلقیس بی بی دختر بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک تحصیل حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب ملک اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل جدید مرجوعہ 24/01/20 محمد افضل وغیرہ بنام محمد بشیر ولد محمد نواز قوم وٹو، نور علی ولد محمد علی قوم وٹو سکنائے موضع باریکا ٹھاٹھ تحصیل منچن آباد عنوان:- اجراء تقسیم کھاتہ موضع باریکا ٹھاٹھ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 24/02/02 پیش ہوکر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر آپ کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج / جج فیملی ڈویژن پاکپتن۔

عنوان مقدمہ: اظہرہ بی بی وغیرہ، بنام: عنصر علی ولد محمد علی قوم سکھیرا سکنہ چک امرسنگھ تحصیل وضلع پاکپتن، دعویٰ: خرچہ نان ونفقہ۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعا علیہ / مدعاعلیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 31-01-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم خرم شہزاد صاحب نائب تحصیلدار پتوکی ضلع قصور۔

عنوان: تصدیق انتقال وراثت متوفیہ شمیم عرف سہاں بی بی فیلڈ وریفیکیشن موضع نوتھ خالصہ تحصیل پتوکی ضلع قصور۔ شمیم عرف سہاں بی بی متوفیہ حال کا انتقال وارثت درج ہو کر پیش ہوا جس کے شرعی وارثان میں عابدہ بی بی۔ ساجدہ ارشد۔ خالدہ محمد دین۔ زینت بی بی دختران متوفیہ درج ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی اور وارث یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں حاضر ہوکر بیان کرے بصورت دیگر انتقال مذکورہ بالا تصدیق کردیا جائیگا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب میڈم نزہت جبیں صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان شبیر احمد ولد بشیر احمد ساکن دربار بابا عباس محلہ احمد نگر تحصیل پتوکی ضلع قصور۔ بنام سیکرٹری یونین کونسل وغیرہ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مورخہ 02-02-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب عبداللہ عثمان صاحب AD سیالکوٹ

سول اپیل عنوان منظور بی بی بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اشتہار بنام 1 صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر سیالکوٹ 2 حلقہ پٹواری کاکیوالی تحصیل سیالکوٹ 5 محمد صابر (متوفی) پسر اللہ دتہ بذریعہ عظمیٰ رانی دختر محمد صابر ساکن بلال ٹاؤن کاکیوالی تحصیل وضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 02-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 708 گ ب تحصیل کمالیہ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پروین اختر دختر فتح محمد وفات پاچکی ہے۔ جس کے وارثان میں فتح محمد والد متوفیہ (پہلے فوت شد) فاطمہ بی بی والدہ متوفیہ (پہلے فوت شد)، محمد نذیر برادر متوفیہ (پہلے فوت شد) شمشاد کوثر بھابھی متوفیہ (زندہ) محمد ثاقب، محمد عادل نذیر بھتیجے متوفیہ (زندگان) فرخ نذیر، زاہرہ نذیر بھتیجیاں متوفیہ (زندگان) ظاہر کئے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال پروین اختر کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفیہ درج وتصدیق کردیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم عادل ریاض صاحب سول جج فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق عنوان۔ محمد رضوان ولد محمد اسلم ساکن مکان نمبر P/82 جناح کالونی فیصل آباد بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر ورخہ 12.02.2024 کو بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب سید شاہنواز صاحب نائب تحصیلدار واسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل نمبر 23/67 مرجوعہ 23/01/27

اصغر علی ولد محمد رمضان قوم وغیرہ سکنہ موضع ہزارہ سنگھ (سکھانند) تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر بنام اورنگزیب پسر رخسانہ بی بی ذات کھرل جٹ، جعفر علی ولد قاسم علی ذات کھرل، امام الدین ولد لشکر قوم شیخ، نذر محمد ولد رحمت علی کھرل، ماشاءاللہ ولد دوست محمد قوم گجر لبانہ، شہاب الدین ولد غلام محمد جٹ کھرل، عرش الٰہی دختر رمضان لبانہ، عارف ولد قاسم علی کھرل، لیاقت علی ولد اللہ بخش عرف اللہ دین جٹ کھرل، محمد اختر ولد سلیمان قوم پنوار، اقبال بی بی دختر نواب کھرل جٹ، شاہ نواز ولد محمد امیر قوم جٹ کھرل، جہانگیر ولد عبدالرزاق، یاسین پسر رخسانہ بی بی، عبداللہ یوسف ولد مہر الدین، محمد حنیف ولد اللہ دین کھرل، قاسم علی ولد غلام محمد کھرل، محمد یار ولد محمد حسین، سکینہ بی بی دختر شیر محمد کلثوم مائی دختر اقبال کھرل، شہزادہ احمد ولد اقبال، منیر احمد ولد محمد امیر اقوام جٹ کھرل، یوسف ولد اشرف، ماشاءاللہ ولد ادریس، عبدالشکور ولد رمضان گجر لبانہ، غلام مصطفیٰ ولد لقمان گجر لبانہ، برکت علی ولد اشرف میو راجپوت، جاوید ولد سلیمان، نذیراں بی بی علی محمد، شیماں دختر علی محمد، سید محمد ولد محمد حسین کھرل، بخی محمد ولد حاجی منظور حسین قوم کھرل کل فریق دوئم 105 ساکنان وچی داران موضع جمعہ کھرل تحصیل منچن آباد عنوان:- مرمہ درخواست تقسیم کھاتہ نمبر 3 موضع جمعہ کھرل تحصیل منچن آباد زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ سنہ 1967۔ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 24/01/30 پیش ہوکر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر آپ کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سرفراز اخان صاحب فاضل سول جج شیخوپورہ

اختر زمان بھٹی بنام نیشنل بینک وغیرہ نیشنل بینک آف پاکستان بذریعہ ریجنل ہیڈ نیشنل بینک آف پاکستان ریجنل آفس گھنگ روڈ شیخوپورہ، عاطف عثمان ورک اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ (AVP) سابقہ آپریشن منیجر نیشنل بینک آف پاکستان سول لائین برانچ شیخوپورہ now AVP ریجنل آفس نیشنل بینک آف پاکستان ریجنل آفس گھنگ روڈ شیخوپورہ، شعیب علی سابقہ منیجر نیشنل بینک آف پاکستان گرین مارکیٹ برانچ شیخوپورہ now AVP ریجنل آفس نیشنل بینک آف پاکستان گھنگ روڈ شیخوپورہ، شیخ تنویر احمد سابقہ ریجنل ہیڈ نیشنل بنک آف پاکستان ریجنل آفس شیخوپورہ now ریجنل ہیڈ ایسٹ ریجنل NBP ریجنل آفس لاہور، واجد علی سابقہ ریجنل ایگزیکٹو آپریشن نیشنل بینک آف پاکستان ریجنل آفس شیخوپورہ بذریعہ ریجنل آفس نیشنل بینک آف پاکستان ریجنل آفس گھنگ روڈ شیخوپورہ، یاسر بشیر آپریشن منیجر نیشنل بنک پاکستان آف پاکستان کوٹ عبدالمالک برانچ ڈسٹرکٹ شیخوپورہ، شہاب مرتضے سابقہ ریجنل آفس شیخوپورہ now ریجنل ایگزیکٹو آپریشن نیشنل بینک آف پاکستان ایسٹ ریجنل آفس لاہور، ڈاکٹر خلیل احمد طارق ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ ڈویژنل ہیڈ ERD نیشنل بینک آف پاکستان ہیڈ آفس HRMG 1.1 چندریگر روڈ کراچی، مرزا محمد عاصم بیگ ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ (EVP) گروپ ہیڈ HRMG نیشنل بینک آف پاکستان ہیڈ آفس 1.1 چندریگر روڈ کراچی، سینئر ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ (SEVP) اینڈ گروپ چیف ہومن ریسورس منیجمنٹ گروپ) نیشنل بنک آف پاکستان ہیڈ آفس 1.1 چندریگر روڈ کراچی، نیشنل بنک آف پاکستان بذریعہ its پریزیڈنٹ ہیڈ آفس 1.1 چندریگر روڈ کراچی دعویٰ استقرار حق سالانہ اضافہ سالانہ کارکردگی کی بنیاد پر ودلاپانے سالانہ معاوضہ ونقصان وغیرہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 29-01-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب فاضل سول جج میڈم صائقہ یونس صاحبہ بااختیارات فیملی کورٹ شیخوپورہ

محمد کاشف بنام عیشہ اشفاق وغیرہ عیشہ اشفاق دختر محمد اشرف زوجہ حسن بلال ساکن محلہ نواب پورہ خانقاہ ڈوگراں تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ، آیسہ بی بی زوجہ محمد اشفاق ساکن تھانہ بازار نزد گرلز مڈل سکول مکان نمبر 161 خانقاہ ڈوگراں تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ واڈ ایکٹ برائے کسٹڈی نابالغ محمد احمد بعمر 3 سال تقریباً ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 30-01-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز / تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع بلوشہانل تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) احمد یار ولد ماہنی کے وارثان خاتون بی بی، ماہنی والدین پہلے فوت شد۔ بکھاں بی بی زوجہ پہلے فوت شد۔ دلدار احمد پسر زندہ۔ انور بی بی دختر پہلے فوت شد ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائیگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 12072

وراثت موضع گاگا کے تحت سائل کا والد محمد رفیق ولد خوشی محمد کا فوت ہونا مورخہ درج 2021/04/16 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں نسرین بی بی بیوہ محمد شکیل، محمد عقیل، عدیل احمد پسران راحیلہ بی بی، تنزیلہ رفیق، شیزا رفیق دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم افنان جاوید صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ عنوان: گلشن شہزادی وغیرہ بنام زین طاہر وغیرہ اشتہار بنام۔ زین طاہر ولد محمد طاہر، ناہید بیگم بیوہ محمد طاہر اقوام جٹ ساکنان گلی نمبر 11 پروفیسر بلاک محلہ شالیمار پارک فیصل آباد موجودہ پتہ گلی نمبر 4 گلشن طیبہ شالیمار پارک شاپ نمبر 3 فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 21.02.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 735 گ ب تحصیل کمالیہ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالمجید ولد لال خاں قوم مارتھ وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں لال خاں والد متوفی (پہلے فوت شد)، ستاں بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد)۔ کنیزاں بی بی بیوہ متوفی (زندہ)۔ قیصر مجید، فیصل مجید پسران متوفی (زندگان) ظاہر کئے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال عبدالمجید کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج وتصدیق کردیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع موضع حیات کے کاٹھیہ تحصیل کمالیہ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیر محمد ولد حسن علی قوم کاٹھیہ وفات پاچکا ہے۔ جس کے وارثان میں حسن علی والد متوفی (پہلے فوت شد)، بھاگ بھری والدہ متوفی (پہلے فوت شد)۔ امیراں بی بی زوجہ متوفی (پہلے فوت شد)۔ غلام شبیر (زندہ)، غلام فرید (غیر شادی شدہ پہلے فوت شد)، محمد نوید (زندہ)۔ بشریٰ بی بی، نور بخت دختران متوفی (زندگان) ظاہر کئے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال شیر محمد کسی قسم کا کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی درج وتصدیق کردیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر چلنے والی ایم ڈی واسا کی کرپشن فری مہم ناکام

سب انجینیئر انارکلی ڈویژن یاسر نواز جنریٹروں کے تیل چوری میں سبقت لے گئے

سب انجینیئر یاسر نواز کا کار خاص سپروائزر میاں عرفان چوری شدہ تیل کاہنہ کے علاقے میں فرخت کرنے لگا

واسا میں اس کھلم کھلا چوری کے خلاف کارروائی کرنے کی بجائے چپ سادھ لی محکمہ کو لاکھوں روپے کا نقصان ہونے لگا

لاہور (اسد کھرل سے) نگراں وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی نے حکومت سنبھالتے ہی واسا کی خوشحالی کے لیے ایم ڈی واسا غفران احمد کو محکمہ واسا لاہور سے کرپشن اور کالی بھیڑوں کو کے خلاف سخت ایکشن کی ہدایات کی تھی جس پر ایم ڈی واسا غفران احمد نے تمام ٹاؤنز ڈائریکٹرز کرپشن کے خلاف مہم سمیت کرپٹ لوگوں ملازمین کے خلاف کریک ڈاؤن کی ہدایت کی لیکن انارکلی ڈویژن کے سب انجینیئر یاسر نواز افسران کے آشرباد سے وزیراعلی پنجاب اور ایم ڈی کی واسا کرپشن فری مہم کو ناکام بناتے ہوئے تمام تر احکامات ہوا میں اڑاتے ہوئے واسا کو کرڑوں کا چونا لگا رہے ہیں تفصیلات کے مطابق محکمہ واسا لاہور کی منڈالاتی ساخت جو پہلے کئی مشکلات کا شکار ہے سب انجینیئر یاسر نواز اپنے کار خاص سپروائزر میاں عرفان کے ذریعے پی آئی اے چوبرجی ڈسپوزل سے تیل چوری کرواتے ہوئے کرپشن کی بہتی گنگا میں خوب ہاتھ دھو رہے ہیں سب انجینیئر یاسر نواز اپنے کار خاص سپروائزر میاں عرفان کے ذریعے بڑی مہارت کے ساتھ ڈسپوزل کے جنریٹر میں بانامی تیل ڈلوا کر فارمیلٹی کو پورا کرتے ہوئے لاگ بک پر تین سو لیٹرز درج کر کے اپنے افسران بالا کو سب اچھے کی رپورٹ پیش کرتے ہیں کہ جنریٹر میں 300 لیٹر تیل ڈال دیا گیا ہے لیکن فراہم ہونے والے ثبوت اس کے برعکس ہی بولتے ہیں۔

ایم ڈی کے حکم کے مطابق ان افسران اور سپروائزر کے خلاف محکمانہ انکوائری عمل میں لائی جائے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) سب انجینیئر یاسر نواز کی تیل چوری کرپشن کے حوالے سے ترجمان ایم ڈی واسا نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایم ڈی کے حکم کے مطابق ان افسران اور سپروائزر کے خلاف محکمانہ انکوائری عمل میں لائی جائے گی کرپشن کے باعث واسا کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے والے ملازمین کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

اس حوالے سے ایکسین داتا گنج بخش ٹال مٹول کرتے ہوئے کہا کہ معاملے کی مکمل چھان بین کی جائے گی لیکن یہ پروپگنڈا نظر آتا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) جبکہ اس حوالے سے ایکسین داتا گنج بخش ٹال مٹول کرتے ہوئے کہا کہ معاملے کی مکمل چھان بین کی جائے گی لیکن یہ پروپگنڈا نظر آتا ہے۔

ماسٹر مائنڈ سب انجینیئر یاسر نواز کا کار خاص تیل چوری کے ایکسپرٹ سپروائزر میاں عرفان کے خلاف تمام ثبوت واضح بولتے ہوئے بھی چند افسران ان کو بچانے میں سرگرم ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) ماسٹر مائنڈ سب انجینیئر یاسر نواز کا کار خاص تیل چوری کے ایکسپرٹ سپروائزر میاں عرفان کے خلاف تمام ثبوت واضح بولتے ہوئے بھی چند افسران ان کو بچانے میں سرگرم ہیں ان افسران کی کرپشن کے خلاف مزید پروف اور ثبوت کل کے روزنامہ مسافت میں۔

آئی ٹی برآمدات میں 32 فیصد اضافہ ہوا ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی کا دعویٰ

اس سال کسی بھی وقت آئی ٹی برآمدات 5 ارب لاگت کی حد پار کرلیں گی، آنیوالے دنوں میں موبائل فونز کی برآمدات پر فوکس کیا جائیگا

پالیسی کے باعث موبائل فونز پاکستان میں بننا شروع ہوگئے، ابتک 5.7 کروڑ موبائل فونز بن چکے، ڈاکٹر عمر سیف کا موبائل سمٹ سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر عمر سیف نے دعویٰ کیا ہے کہ وزارت آئی ٹی کے اقدامات سے آئی ٹی برآمدات میں 32 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پیر کو پاکستان موبائل سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے نگران وزیر نے کہا کہ اس سال کسی بھی وقت آئی ٹی برآمدات 5 ارب لاگت کی حد پار کرلیں گی اور آنے والے دنوں میں موبائل فونز کی برآمدات پر فوکس کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ موبائل پالیسی کے باعث موبائل (بقیہ نمبر 29)

لاہور، حضرت یعقوب شاہ زنجانیؒ کے عرس کے افتتاح کے موقع پر پیر سید ناظم حسین شاہ و دیگر دعا کر رہے ہیں

اولین ترجیح غزہ میں جنگ روکنا، سعودی عرب 10 سال تک چل سکتی ہے، اسرائیل

سعودی عرب اور مصر کا پھر مشترکہ طور پر غزہ کی پٹی میں جاری لڑائی روکنے اور جنگ سے متاثرہ شہریوں تک امداد پہنچانے پر زور

حماس کو تباہ کرنے کا وقت ہے، لیکن یرغمالیوں کے لیے اب زیادہ وقت نہیں، افواج جلد رفح تک پہنچ جائیں گی، بینی گینٹز کی گفتگو

قاہرہ/تل ابیب (این این آئی) سعودی عرب اور مصر نے ایک بار پھر مشترکہ طور پر غزہ کی پٹی میں جاری لڑائی روکنے اور جنگ سے متاثرہ شہریوں تک امداد پہنچانے پر زور دیا ہے جبکہ سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ مملکت غزہ کی پٹی میں لڑائی روکنے اور امداد پہنچانے کو اولین ترجیح قرار دیتی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق انہوں نے قاہرہ میں اپنے مصری ہم منصب سامح شکری کے ساتھ ایک پریس کانفرنس میں (بقیہ نمبر 22)

لاہور، پاک کشمیر یو کے بزنس چیمبر کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نواز شریف کے جلسے میں شریک شہری موٹر سائیکل سے ہاتھ دھو بیٹھا

تھانہ سٹی نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی دی، مگر تا حال کوئی پیش رفت نہ ہوسکی

ننکانہ صاحب (این این آئی) نواز شریف کے جلسے میں شریک شہری کی موٹر سائیکل چوری ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہاکی سٹیڈیم ننکانہ صاحب میں مسلم لیگ ن کے منعقدہ جلسہ میں شرکت کے لیے آنے والے ننکانہ صاحب کے شہری اسامہ اسلام نے اپنی 70 موٹر سائیکل 3447 اے سی بی سٹیڈیم کے باہر پارکنگ ایریا میں واقع آہنی گرل کے ساتھ وائر لاک اور ہینڈل کر کے کھڑی کی تھی جلسہ سے واپسی پر موٹر سائیکل موجود نہ تھی جو کہ تلاش کرنے کے باوجود نہ مل سکی پولیس تھانہ سٹی نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی دی ہے مگر تا حال پولیس کی طرف سے کوئی پیش رفت نہ ہوسکی ہے قبل ازیں بھی شہر بھر سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں ہوچکی ہیں مگر پولیس تھانہ سٹی (بقیہ نمبر 19)

آزاد امیدواروں کے پوسٹرز اور فلیکسز اتارنے کا اقدام چیلنج

لاہور (این این آئی) عام انتخابات کے سلسلے میں آزاد امیدواروں کے پوسٹرز اور فلیکسز اتارنے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور کے صوبائی حلقہ پی پی 171 سے آزاد امیدوار رانا سکندر ایڈووکیٹ نے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی، درخواست گزار نے حلقے میں انتظامیہ کی جانب سے اپنے پوسٹرز اور فلیکسز اتارنے کے اقدام کو چیلنج کیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا ہے کہ پی پی 171 سے آزاد امیدوار ہونے کی بنیاد پر پوسٹرز اور فلیکسز اتارے جا رہے ہیں، (بقیہ نمبر 21)

میڈم طاہرہ صغیر ڈی جی نرسنگ پنجاب تعینات، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) میڈم طاہرہ صغیر کو ڈائریکٹر جنرل نرسنگ پنجاب تعینات کر دیا گیا جس پر انہیں پرائیویٹ نرسنگ کالجز فیڈریشن کی طرف سے مبارکباد دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن پنجاب علی جان خان نے 20ویں گریڈ کی چیف نرسنگ سپرینٹنڈنٹ میو ہسپتال لاہور میڈم طاہرہ صغیر پروین کو خالی پوسٹ پر نئی (بقیہ نمبر 17)

ڈسٹرکٹ کلرکس بار ایسوسی ایشن سرگودھا
شاہین گروپ اینڈ ڈاکٹر گروپ
کے متفقہ امیدواران
الیکشن
2024-2025
امیدوار برائے
صدر
محمد آصف بھٹی
امیدوار برائے
جنرل سیکرٹری
ڈاکٹر سہیل اصغر
امیدوار برائے
نائب صدر
جہانگیر عباس جوڑا
امیدوار برائے
جوائنٹ سیکرٹری
محمد اشفاق
امیدوار برائے
فنانس سیکرٹری
ملک ذیشان رفیق

برسر اقتدار آ کر ہم خدا کی زمین پر خدا کا نظام لائیں گے، جے یو آئی

عوام 8 فروری کتاب پر مہر لگا کر ہمیشہ کیلئے لٹیروں نااہلوں، محرومیوں سے نجات حاصل کریں

لاہور (این این آئی) امیدوار این اے 118، پی پی 148 امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ برسر اقتدار آ کر ہم خدا کی زمین پر خدا کا نظام لائیں گے، ملک کو دلدل سے نکالنے کا حل شفاف انتخابات ہیں، عوام اس دفعہ کتاب پر مہر لگا کر جمعیت کو آزمائیں، عوام 8 فروری کتاب پر مہر لگا کر ہمیشہ کیلئے لٹیروں نااہلوں اور محرومیوں سے نجات حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام ملکی استحکام اور مہنگائی (بقیہ نمبر 6)

امریکا حوثی حملوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان سے تعاون کا خواہشمند

پاکستان سے بحیرہ احمر میں کشیدگی پر رابطے میں ہیں، اردو ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے یمن کے حوثی باغیوں کے حملوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان سے تعاون ک کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حوثی باغیوں کے حملوں سے پورے خطے کی تجارت متاثر ہورہی ہے، اسرائیل سمیت خطے کے تمام ممالک کو غذائی قلت سے بچانا چاہتے ہیں۔ خطے کے دیگر ممالک حوثیوں کے خلاف ٹاسک فورس میں شامل ہوں تو خوش آمدید کہیں گے، امریکا اور اس کے اتحادیوں کو یمن کے عوام کی مشکلات کا احساس ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی اردو ترجمان مارگریٹ میکلاوڈ نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نیوی انٹرنیشنل کمبائن میری ٹائم فورس کی موثر رکن ہے۔

لاہور، ن لیگ کے امیدوار سہیل شوکت بٹ کا جلسہ گاہ آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے

تیز رفتار ترقی کا نیا ماڈل متعارف کرائیں گے، ہمایوں اختر خان

انقلابی منشور پر عملدرآمد کرکے کسانوں، نوجوانوں کی مایوسی دور کریں گے، امیدوار این اے 97

فیصل آباد/تاندلیانوالہ (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر و حلقہ این اے 97 سے امیدوار ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ علاقے کی پسماندگی اور محرومیاں دور کرنے کے لئے تیز رفتار ترقی کا نیا ماڈل متعارف کرائیں گے، اب حلقے میں صرف عوام کی خدمت کی سیاست ہوگی، ہم پرعزم ہیں کہ اپنے انقلابی منشور پر عملدرآمد کرکے کسانوں اور نوجوانوں کی مایوسی دور کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ پی پی 102 سے امیدوار سردار سکندر حیات جتوئی اور پی پی 103 سے امیدوار رانا نعیم اقبال کے ہمراہ انتخابی مہم کے سلسلہ میں مختلف مقامات پر کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رائے ماجد خان نمبردار، رائے ثاقب کھرل، فوجی اورنگزیب کھرل، رائے یعقوب (بقیہ نمبر 7)

گلگت، حکومت نے گندم کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ واپس لے لیا

گندم اب 36 کے بجائے 20 روپے فی کلو گرام ملے گی، حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن

گلگت (این این آئی) گلگت میں شدید عوامی ردعمل کے بعد حکومت نے گندم کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ واپس لے لیا، اب گندم 36 کے بجائے 20 روپے فی کلوگرام ملے گی۔ حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ گندم سابقہ قیمت پر ہی فراہم کی جائے گی۔ حکومت نے عوامی احتجاج کے باعث نئی قیمت واپس لی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گندم اب 36 کے بجائے (بقیہ نمبر 8)

سونے کی آن لائن، فزیکل خرید وفروخت کیلئے پہلی باضابطہ کمپنی کا قیام

آن لائن گولڈ ٹریڈنگ سیسٹہ بازی اور بلیک مارکیٹنگ کا خاتمہ ہوگا، ترجمان کمپنی

لاہور (این این آئی) پاکستان میں سونے کی آن لائن اور فزیکل خرید وفروخت کیلئے پہلی باضابطہ کمپنی کا قیام عمل میں آ گیا۔ زکریا گولڈ کموڈٹیز نے ایس ای سی پی اور پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج سے سونے کی آن لائن اور فزیکل ٹریڈنگ کا لائسنس حاصل کرلیا۔ کمپنی کے ترجمان کے مطابق آن لائن گولڈ ٹریڈنگ سے سونے کے نرخوں میں سٹہ بازی اور بلیک مارکیٹنگ کا خاتمہ ہوگا، ملک بھر میں سونے کے یومیہ (بقیہ نمبر 9)

لاہور، مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک، دو فرار ہونے میں کامیاب

ملزمان نے دو روز قبل شہری کو مخبری کے شبہ میں چھریوں کے وار سے زخمی بھی کیا تھا، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ شاہدرہ ٹاؤن میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق شاہدرہ ٹاؤن تین موٹر سائیکل سواروں کو روکنے پر ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کردی، پولیس کی جوابی فائرنگ میں فیضان خان عرف بٹو نامی ڈاکو ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور پسٹل برآمد کر لی (بقیہ نمبر 10)

جامعہ عثمانیہ آسٹریلیا مسجد میں سالانہ دستار بندی تقریب کا انعقاد

جامعہ سے 74 طلبہ نے قرآن پاک حفظ، 23 طلبہ نے عالم کا کورس مکمل کیا

لاہور (این این آئی) عظیم دینی درسگاہ جامعہ عثمانیہ آسٹریلیا مسجد کی سالانہ تقریب دستار بندی کی تقر یب کا انعقاد کیا گیا، جامعہ نے اس سال 74 حفاظ کرام اور 23 علمائے کرام کی شکل میں ملک وملت کو بہترین علمی تحفہ عطا کیا، سخت سردی ہونے کے باوجود ہزاروں افراد کی تقریب میں شرکت، تمام شرکا محفل کے کھلے ہوئے چہرے اور ذوق وشوق قابل دید تھا، تقریب کا آغاز مختصر تلاوت و نعت کے بعد مولانا امجد خان، مولانا نصیر احمد احرار اور مولانا قاری محمد طیب (ہانگ کانگ) کے بیان نے دلوں کے تار چھیڑ دیے جب کہ حضرت مولانا فضل الرحیم اشرفی مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور نے بخاری (بقیہ نمبر 11)

عدالت عالیہ کے احکامات پر سو فیصد عملدرآمد کروایا جائیگا، ڈاکٹر جاوید اکرم

صوبے کے ہسپتالوں کے حالات بہتر بنانے کیلئے تمام تر توانائیاں خرچ کی جا رہی ہیں

اجلاس میں وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل و دیگر کی شرکت

لاہور (این این آئی) عدالت عالیہ کے احکامات کی روشنی میں محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی جانب سے تشکیل کردہ کمیٹی کا فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے کمیٹی اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر حافظ شاہد لطیف، پروفیسر ڈاکٹر محمود شوکت، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار الفرید ظفر، پروفیسر ڈاکٹر نورین اکمل، پروفیسر ڈاکٹر بلقیس (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد کی ایک مشہور شاہراہ پر ٹریفک جام کا منظر

پاکستان میگا لیدر شو، پاک چین لیدر انڈسٹری میں تعاون کو فروغ ملا

متعدد چینی کاروباری اداروں اور مقامی صنعتی شراکت داروں کے درمیان مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

لاہور (این این آئی) پاکستان میگا لیدر شو سے پاکستان، چین چمڑا صنعت میں شراکت کو فروغ ملا، چین پاک شوانڈسٹری کے درمیان تعاون کے امکانات کو تقویت ملی۔ گوادر پرو کے مطابق نواں پاکستان میگا لیدر شو لاہور میں منعقد ہوا جس میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی۔ اس تقریب میں چینی کمپنیوں کی نمایاں موجودگی دیکھنے میں آئی جنہوں نے نہ صرف نمائش میں شرکت کی بلکہ قابل قدر تعاون کے معاہدے بھی کیے جس سے چینی اور پاکستانی جوتے کی صنعتوں کے درمیان تعاون کے امکانات کو تقویت ملی۔

غربت کے خاتمے، تعلیم کے فروغ کیلئے کام کروں گا، کامران یوسف

عوام آٹھ فروری کو انتخابی نشان ”مور“ پر مہر لگا کر سرپرائز دیں گے، آزاد امیدوار پی پی 163

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے حلقہ پی پی 163 سے آزاد امیدوار کامران یوسف نے کہا ہے کہ غربت کے خاتمے اور تعلیم کے فروغ کے لیے کام کروں گا، آج کا کامیاب جلسہ کئی بار حکمران رہ چکی پارٹیوں کے لیے سرپرائز ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گجومتہ ایل ڈی اے روڈ پر ایک بڑے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ نے میو برادری کے ساتھ بڑا ظلم کیا، میو برادری کے کسی امیدوار کو ٹکٹ نہیں دیا اب میو برادری اور گجومتہ کی عوام ان سے پوری طرح الیکشن میں بدلہ لے گی اور آٹھ فروری کو انتخابی نشان ”مور“ پر مہر لگا کر سرپرائز دیں گے

لاہور، پانی کی کمی سیاحوں کی آمد کار جحان نہ ہونے کی وجہ سے ملاحوں نے کشتیاں دریا کنارے کھڑی کی ہوئی ہیں

ذوالفقار علی بدر نے 21 یونین کونسلوں کیلئے انتخابی رابطہ کمیٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کے انتخابی حلقہ این اے 127 میں انچارج انتخابی مہم ذوالفقار علی بدر نے پی پی 157، 160، 161، 162 اور 163 کی 21 یونین کونسلوں کے لیے انتخابی رابطہ کمیٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پی پی 161 کی یونین کونسل 220 کی انتخابی رابطہ کمیٹی میں ڈاکٹر خیام، خاور ناہید محل پروفیسر اعجاز اور نعیم ظفر شامل ہیں، یونین کونسل 221 میں چودری ریاض اور چوہدری بلال غلام حسین، یونین کونسل 222 میں میاں ایوب، عثمان سنگھوکا اور اصغر بھٹی، یونین (بقیہ نمبر 5)

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں تقریب تقسیم انعامات

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف شعبوں کے عمدہ کارکردگی کے حامل 30 سے افسران کو اسناد دی گئیں۔ ایس پی محمد شفیق نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں افسران میں انعامات تقسیم کیے۔ آپریشن اینڈ مانیٹرنگ، الیکٹرانک ٹکٹنگ، 15 ایمرجنسی کے افسران میں انعامات تقسیم کیے۔ انعامات وصول کرنے (بقیہ نمبر 4)

اساتذہ کا الیکشن ڈیوٹی دینے سے انکار، ایجوکیشن اتھارٹی کا نوٹس

لاہور (این این آئی) لاہور میں ہزاروں اساتذہ نے الیکشن ڈیوٹی دینے سے انکار کردیا جس کے بعد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے نوٹس لیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن ٹریننگ سے غیر حاضر ہزاروں اساتذہ کو ذاتی شنوائی کے لئے اتھارٹی آفس طلب کرلیا گیا ہے۔ ذاتی شنوائی کے بعد اساتذہ کے خلاف انضباطی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے الیکشن ٹریننگ سے غیر حاضر اساتذہ کو دوبارہ اپنی حاضری یقینی بنانے کا حکم جاری کر دیا ہے۔

وفاقی دارالحکومت کے 13 تھانوں کی تزین وآرائش شروع کردی گئی

30 یوم میں اسلام آباد کے یہ تھانے سٹیٹ آف آرٹ بن جائیں گے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر داخلہ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت کے 13 تھانوں کی تزین وآرائش شروع کردی گئی ہے، 30 یوم میں اسلام آباد کے یہ تھانے سٹیٹ آف آرٹ بن جائیں گے، عوام کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کو یقینی بنانے کے ساتھ (بقیہ نمبر 1)

معاشی استحکام کیلئے برآمدات میں اضافہ ضروری ہے، ترجمان پٹیا

اپنی مصنوعات کی پیداواری لاگت کم کرنے کیلئے فوری تمام ممکن اقدامات یقینی بنانا ہوں گے

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا کہ ملکی معاشی استحکام کیلئے برآمدات میں اضافہ انتہائی ضروری ہے لہٰذا اس سلسلہ میں ہمیں اپنی مصنوعات کی پیداواری لاگت کم کرنے کیلئے فوری تمام ممکن اقدامات یقینی بنانا ہوں گے تاکہ ہم عالمی منڈیوں میں (بقیہ نمبر 2)

لاہور، این اے 118 میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے امیدوار ملک اعجاز کمپین کے دوران

صاف وشفاف انتخابات ہی مسائل کا حل ہیں، سنی علما کونسل

الیکشن کمیشن تمام سیاسی جماعتوں کو عوام سے ووٹ مانگنے کا پورا حق دلانے کیلئے کردار ادا کرے

بعض سیاسی جماعتوں کو ملک میں جلسے جلوس نہ کرنے دینا قابل مذمت ہے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ صاف وشفاف انتخابات ہی مسائل کا حل ہیں، الیکشن کمیشن تمام سیاسی جماعتوں کو عوام سے ووٹ مانگنے کا پورا حق دلانے کیلئے کردار ادا کرے، بعض سیاسی جماعتوں کو ملک میں جلسے جلوس نہ کرنے دینا قابل مذمت ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا مطلب لوگوں کی مرضی کا نظام عوام کی فلاح وبہبود کے لیے ہونا چاہیے۔ بدقسمتی سے موجودہ فرسودہ نظام میں انتخابات کو کھیل تماشہ اور پیسہ نہ ہونے کے باعث اچھے وقابل لوگ انتخابات ہار جاتے ہیں اور کرپٹ وناہل چور اقتدار (بقیہ نمبر 3)

لاہور، جماعت اسلامی کے رہنما امیدوار پی پی 159 رانا آصف نشتر کالونی میں انتخابی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں، خلاف ورزی پر ایکشن ہوگا، سی سی پی او

انتخابی عمل کے دوران ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، ہنگامہ آرائی، دیگر غیر قانونی سرگرمیوں پر فوراً قانونی کارروائی کی جائیگی

رواں ماہ 1055 اشتہاری مجرمان، 1842 عدالتی مفروران اور 400 عادی مجرمان گرفتار کیے گئے، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے رواں ماہ اشتہاری وعادی مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف کریک ڈاؤن میں 1055 اشتہاری مجرمان، 1842 عدالتی مفروران اور 400 عادی مجرمان گرفتار کیے ہیں۔ کیپٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ نے اپنے بیان میں بتایا کہ کینٹ ڈویژن میں 236 اشتہاری مجرمان، 340 عدالتی مفرور اور 51 عادی مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سول لائنز ڈویژن میں 75 اشتہاری (بقیہ نمبر 12)

مسئلہ کشمیر کو مذاکراتی عمل کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت ہے، بلال صدیقی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں نظر بند کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما بلال صدیقی نے بین الاقوامی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ خطے میں امن وسلامتی کے وسیع تر مفاد میں تنازعہ کشمیر کو حل کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے اور بھارت کو علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے سے روکے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بلال صدیقی نے سینٹرل جیل سرینگر سے ایک پیغام (بقیہ نمبر 14)

غیر ملکی سائیکلسٹ کو تھپڑ مارنے والے اے ایس آئی کیخلاف تحقیقات جاری

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں غیر ملکی سائیکلسٹ سے ہتک آمیز رویہ اختیار کرنے والے اے ایس آئی کے خلاف تحقیقات جاری ہیں۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ تحقیقات کے بعد اے ایس آئی لیاقت علی کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ پولیس نے بتایا کہ دو سائیکلسٹ صادق آباد کے ہوٹل میں ٹھہرے ہیں جبکہ تیسرا جا چکا ہے، سکیورٹی نہ لینے پر تلخ کلامی کا واقعہ پیش آیا تھا، غیر ملکی سائیکلسٹ نے غصے میں پولیس اہلکار پر اسپرے کر دیا تھا۔ ترجمان پولیس کے مطابق غیر ملکی سائیکلسٹ بھونگ کے علاقے میں جانا چاہتے تھے

مریدکے، ٹائر پھٹنے کی وجہ سے کیری ڈبے کو حادثہ، 7 افراد شدید زخمی

مریدکے (این این آئی) مریدکے میں ٹائر پھٹنے کی وجہ سے کیری ڈبہ سڑک کے ڈیوائڈر سے ٹکرا گیا جس کی وجہ سے 7 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ ٹریفک کا افسوسناک حادثہ مریدکے کے علاقے نارووال روڈ پر پیش آیا جہاں بدقسمت خاندان کیری ڈبہ پر سوار ہوکر گھر واپس جا رہا تھا کہ راستے میں ٹائر پھٹ گیا، حادثے کے نتیجے میں 7 افراد شدید زخمی ہو گئے، زخمیوں میں خاتون اور بچے بھی شامل ہیں۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی بڑھتی جا رہی ہے، ثروت اعجاز قادری

کراچی کے حالات کو بہتر کرنے کے لیے تمام امیدوار اپنے اپنے حلقے میں انتظامیہ کی مشاورت سے کام کریں

ننکانہ صاحب (این این آئی) صدر پاکستان سنی تحریک انجینیئر ثروت اعجاز قادری اور سیکرٹری جنرل علامہ بلال سلیم قادری سے صوبائی رہنماء محمد علی چشتی، ڈویژن صدر میر پور خاص حافظ محمد طارق قادری، ضلعی صدر ملک ساجد قادری کی وفد کے ہمراہ ملاقات اس موقع پر صوبہ سندھ کے صدر عمران سہروردی، کراچی رابطہ کمیٹی کے اراکین محمد شہباز قادری اور محمد جمیل میمن بھی موجود تھے، صدر پاکستان (بقیہ نمبر 13)

لاہور، پارک میں ایک نوعمر بچہ موٹر سائیکل چلانا سیکھ رہا ہے

حکومت ٹیکس اہداف میں اضافہ کرنے جا رہی ہے، حبیب الرحمٰن

کاروباری سرگرمیاں نہ ہونے کے برابر ہیں، حکومتی سطح پر کوئی منصوبہ بندی نہیں کی جا رہی

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ حکومت آئندہ سال آئی ایم ایف کی شرائط پر ٹیکس اہداف میں 1590 ارب روپے کا اضافہ کرنے جا رہی ہے جس سے ایف بی آر کا ٹیکس کا ہدف مزید بڑھ جائے گا، ملک میں کاروباری سرگرمیاں نہ ہونے کے برابر ہیں جبکہ حکومتی سطح پر کوئی منصوبہ بندی نہیں کی جا رہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکسیشن نظام کے حوالے سے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ٹیل کے صدر زوہیب الرحمٰن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدر واصف عتیق شیخ، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمٰن زبیری، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن اور ایگزیکٹو کمیٹی (بقیہ نمبر 15)

اعلان تقرری
خالدہ رشید کو
روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
کا شیخوپورہ میں نمائندہ خصوصی مقرر کیا گیا ہے
تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں